الشفاعت سے معلوم کرلے اور لکھوی نے خود احوال الآخرت مین اسکو ثابت
کیا ہے تمام اہلسنت والجماعت کا عقیدہ یہی ہے کہ بجز کفر کے معفور ہیں اگرچہ

+ ۵ ایہہ قول ... الخ حافظ محمد لکھوی کا اسکے شعر سے بھی ثابت ہوا کہ مولوی اسمٰعیل مثل حضرت عمر رضی اللہ تعالی عنہ کے مرتبہ فرقت کا رکھتے ہیں کفر و اسلام میں جدائی ڈالتے ہیں اور یہ بھی معلوم ہوا کہ لکھوی کی زینت الاسلام تقویت الایمان کا نمونہ ہے اور عقائد دنیا بیان میں بھی مولوی اسمٰعیل کا لکھوی صاحب مرید ہے اور شاہ مریدینا محمد بجزی کا جیسے انکی موافقت سے معلوم ہوتا ہے

حلوائی

بلا توبہ ہی مرگیا ہو اور معتزلہ کا عقیدہ برخلاف اسکے ہے پس تینون نجدی موافق
ہین معتزلہ کی۔ نعوذ باللہ من ذٰلک ۱۲ قال النجدی الفصل الثانی
فی رد الشرک فی العلم قال اللہ تعالی وعندہ مفاتح
الغیب لا یعلمہا الا ہو وقال اللہ تعالی قل لا یعلم من فی السموٰت
والارض الغیب الا اللہ وما یشعرون ایان یبعثون وقال اللہ
تعالی ان اللہ عندہ علم الساعۃ وینزل الغیث ویعلم ما فی الارحام
وما تدری نفس بای ارض تموت وما تدری نفس ماذا
تکسب غدا ان اللہ ۔۔۔۔ علیم خبیر وقال اللہ تعالی قل
لا املک لنفسی نفعا ولا ضرا الا ما شاء اللہ ولو کنت اعلم
الغیب لاستکثرت من الخیر وما مسنی السوء ان انا الا
نذیر وبشیر لقوم یوقنون۔ فہذہ الآیات وامثالہا صریحۃ
فی اختصاص علم الغیب باللہ ونفیہ عن غیرہ الفصل
الثانی فی ذکر رد الشرک فی العلم۔ ترجمہ۔ فصل دوسری
بیچ بیان برائی اشراک فی العلم کے ف یعنی اس فصل مین اُن آیتون
اور حدیثون کا ذکر ہے جس سے اشراک فی العلم کی برائی ثابت ہوتی ہے
ترجمہ آیت پہلی کا فرمایا اللہ تعالی نے سورۂ انعام مین اسی پاس ہین
کنجیان غیب کی نہین جانتا انکو مگر وہی۔ ف یہ اللہ صاحب ہی کی شان
ہے کسی نبی ولی کو جن و فرشتہ کو پیر و شہید کو امام و امام زادے کو بھوت و پری
کو اللہ صاحب نے یہ طاقت نہین بخشی کہ جب وہ چاہین غیب کی بات معلوم
کرلین۔ الی قولہ۔ جو ایسا جانے اوسکے حق مین یہ عقیدہ رکھے سو وہ مشرک
ہوجاتا ہے۔ ترجمہ کہا اللہ صاحب نے سورۂ نمل مین کہہ نہین جانتے ہے
جتنے لوگ ہین آسمانون مین اور زمین مین غیب مگر اللہ۔ اور نہین خبر رکھتے
کہ کب اٹھائے جاوینگے۔ ترجمہ اور کہا اللہ صاحب نے یعنی سورۂ لقمان

ہین کہ بیشک اللہ ہی کے پاس ہے خبر قیامت کی اور وہی اتارتا ہے مینہ اور جانتا ہے جو کچھ کہ ماؤن کے پیٹ مین ہے اور نہین جانتا کوئی کہ کیا کریگا کل اور نہین جانتا کوئی کہ کس زمین مین مریگا کہہ بیشک اللہ بڑا جاننے والا ہے خبردار **ف** اس آیت سے معلوم ہوا کہ یہ سب جو غیب دانی کا دعوی کرتے ہین کوئی کشف کا دعوی رکھتا ہے کوئی استخارہ کے عمل سکھاتا ہے یہ سب جھوٹھے اور دغاباز ہین انکے جال مین ہرگز نہ پھنسنا چاہیے۔ ترجمہ اور کہا اللہ تعالی نے سورہ اعراف مین کہ کہہ نہین اختیار رکھتا مین اپنی جان کی کچھ نفع اور نقصان کا مگر جو کچھ کہ چاہے اللہ اور اگر جانتا مین غیب تو بیشک لے لیتا مین بہت سی بھلائی اور نہ چھوتی مجکو کچھ برائی۔ مین تو فقط ڈرانیوالا ہون اور خوشخبری سنانیوالا ہون ان لوگون کو جو یقین رکھتے ہین **ف** اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ انبیا و اولیا کو جو اللہ نے سب سے بڑا بنایا ہے سو انمین بڑائی یہی ہوتی ہے کہ اللہ کی راہ بتاتے ہین اور برے بھلے کامون سے واقف ہین لوگون کو سکھلاتے ہین اور اللہ ان کے بتانے مین تاثیر دیتا ہے بہت لوگ اس سے سیدھی راہ پر ہو جاتے ہین اور اس بات کی بڑائی انمین نہین کہ اللہ نے ان کو عالم مین تصرف کرنے کی کچھ قدرت دی ہے یہ بات تحقیق کی چاہئے کہ اللہ صاحب نے کون کون سی چیزین اپنے واسطے خاص کر رکھی ہین کہ اس مین کسی کو شریک نہ کیا چاہئے سو وہ باتین بہت ساری ہین مگر کئی باتون کا ذکر کر دینا اور انکو قرآن و حدیث سے ثابت کر دینا ضرور ہے تا اور باقی باتین ان سے لوگ سمجھ لین سو اول بات یہ کہ ہر جگہ حاضر و ناظر رہنا اور ہر چیز کی خبر ہر وقت برابر رکھنی دور ہو یا نزدیک ہو چھپی ہو یا کھلی اندھیرے مین ہو یا اجالے مین آسمانون مین ہو یا زمین مین پہاڑون کی چوٹی پر ہو یا سمندر کی تہ مین یہ اللہ ہی کی شان ہے اور کسی کو یہ شان نہین سو

جو کوئی کسی کا نام اٹھتے بیٹھتے لیا کرے اور دور و نزدیک سے پکارا کرے
الی قولہ یا اسکی صورت کا خیال کرے اور یون سمجھے کہ جب مین اسکا نام
لیتا ہون زبان سے یا دل سے یا اوسکی صورت کا یا اوسکی قبر کا خیال
باندھتا ہون تو وہین انکو خبر ہو جاتی ہے الی قولہ سو ان باتون سے
مشرک ہو جاتا ہے اور اس قسم کی باتین سب شرک اسکو اشراک فی العلم
کہتے ہین یعنی اللہ کا سا علم اور کو ثابت کرنا سو اس عقیدہ سے آدمی البتہ
مشرک ہو جاتا ہے خواہ انبیاء و اولیا سے رکھے خواہ پیر و شہید سے
خواہ امام و امام زادے سے خواہ بہوت و پری سے خواہ یون سمجھے
کہ یہ بات ان کو اپنی ذات سے ہے خواہ اللہ کے دینے سے غرض اس
عقیدہ سے ہر طرح شرک ثابت ہوتا ہے دوسری بات یہ ہے کہ عالم مین
ارادہ سے تصرف کرنا اور اپنا حکم جاری کرنا الی قولہ اور مصیبت کے
وقت اسکو پکارے سو وہ مشرک ہو جاتا ہے اور اسکو اشراک فی التصرف
کہتے ہین یعنی اللہ کا سا تصرف ثابت کرنا محض شرک ہے پھر خواہ یون
سمجھے کہ ان کامون کی طاقت ان کو خود بخود ہے خواہ یون سمجھے کہ اللہ نے
انکو ایسی قدرت بخشی ہے ہر طرح شرک ثابت ہوتا ہے اور تیسری
بات یہ ہے کہ بعضے کام تعظیم کے اللہ نے اپنے لئے خاص کئے ہین کہ
انکو عبادت کہتے ہین جیسے سجدہ اور رکوع اور ہاتھ باندھ کر کھڑے ہونا
اور اسکے نام پر مال خرچ کرنا اور اسکے نام کا روزہ رکہنا اور اسکے گھر کی طرف
دور دور سے قصد کر کے سفر کرنا اور ایسی صورت بنا کر چلنا کہ ہر کوئی
جان لیوے کہ یہ لوگ اس گھر کی زیارت کو جاتے ہین اور رستے مین اس
مالک کا نام پکارنا اور نامعقول باتین کرنے سے اور شکار کرنے سے بچنا
اور اسی قید سے طوف کرنا الی قولہ اور اسکی چوکھٹ کے آگے کھڑے
ہوکر دعا مانگنی التجا کرنی اور دین و دنیا کی مرادین مانگنی اور ایک پتھر

کو بوسہ دینا اور اسکی دیوار سے اپنا منہ اور چھاتی ملنا اور اسکی غلاف پکڑ کر - اور
اسکی گرد روشنی کرنی اور اسکا مجاور بنکر اوسکی خدمت مین مشغول رہنا مثل جھاڑو دینا
اور روشنی کرنی فرش بچھانا پانی پلانا وضو غسل کا لوگون کی لئی سامان درست کرنا
اور اسکی کنوئین کی پانی کو تبرک سمجھکر پینا بدن پر ڈالنا آپس مین بانٹنا غائبون کی
واسطی لیجانا رخصت کی وقت الٹی پاؤن چلنا اور اسکے گرد وپیش کی جنگل کا ادب کرنا
اق سا وہان کا شکار نہ کرنا درخت نہ کاٹنا گھاس نہ اکھاڑنا مویشی نہ چگانا
یہ سب کام اللہ نے اپنی عبادت کے لیئے اپنی بندون کو بتائے ہین پہر جو کوئی کسی
پیغمبر کو یا بہوت پری کو یا کسی کی سچی قبر کو یا جھوٹی قبر کو یا کسی کی تھان کو یا کسی
کے چلے کو یا کسی کے مکان کو یا کسی نشان کو یا تابوت کو سجدہ کرے یا رکوع کرے
یا اوسکی نام کا روزہ رکھی یا ہاتھ باندھکر کھڑا ہووے یا جانور کو چڑہاوے یا ایسی
مکان مین دور دور سے قصد کرکے جاوے **الی قولہ** رخصت ہوتے وقت الٹی
پاؤن چلی اور انکی قبر کو بوسہ دیوے ہاتھ باندہ کر التجا کرے مراد مانگی مجاور بن کی
رہے وہان کے گرد وپیش کے جنگل کا ادب کرے اور ایسی قسم کی باتین کرے
تو اوسپر شرک لازم ہوجائیگا اسکو اشراک فی العبادات کہتی ہین یعنی اللہ کی سی
تعظیم کرنی - الخ - پہر خواہ یون سمجھی کہ آپ ہی اس تعظیم کی لائق ہین یا یون
سمجھی کہ انکی اسطرح کی تعظیم کرنے سے اللہ خوش ہوتا ہے اور اس تعظیم کی برکت
سے اللہ خوش ہوتا ہے جوتھی بات یہ ہے کہ اللہ صاحب نے اپنی بندون کو سکہایا
ہے کہ اپنی دنیا کے کامون مین اللہ کو یاد رکھین اور اسکی کچھہ تعظیم کرتے رہین -
الی قولہ پہر جو کوئی کسی انبیاء و اولیا کی اماموں شہیدون کی بہوت
پریوں کی اس قسم کی تعظیم کرے جیسے اڑی کام پر ان کی نذر مانی مشکل کی وقت
انکو پکارے بسم اللہ کی جگہ ان کا نام لیوی جب اولاد ہوا انکی نذر نیاز کرے
اپنی اولاد کا نام عبد النبی امام بخش پیر بخش رکھی کھیت باغ مین ان کا حصہ
لگاوے **الی قولہ** یا جب حاجت قسم کہانے یا اٹھانے کی پڑی تو پیغمبر

نبی یا علی کی یا امام کی یا پیر کی یا انکی قبر و نکی قسم کھاوے سوان سبہ باتون سے شرک ثابت ہوتا ہے اور اسکو اشراک فی العادت کہتی ہین یعنی اپنی عادت کو کاموںمین جو اللہ کی تعظیم کرنی چاہئی سو غیر کی کرے سو ان چارون طرح کے شرک صریح قرآن مجید و حدیث مین مذکور ہین سو اسلئے اِس باب مین پانچ فصلین کی ہین —

قال الفنجابی تفسیر محمدی

تی اوسدے پاس غیب اندی کنجی ہو رنجانے کوئی
تی ناکوئی جہڑی ہے درختوں تے مگر خدا اوس جانے
جو تر جھڑی جو اوپر ثابت سبہ معلوم خدا نوں
مگر اوہ وچہ کتاب جو روشن لوح محفوظ اُتھائی
جو کنجیاں غیب دیاں ہین پنج اللہ باجہ ناکوئی جانے
ذکل کے ہوسی کسے نہ معلوم ہور جو مینہ کد پوسی
ہین مسعود کیہا رب تے علم نبی نوں دتا
اسوا اللہ باجہ نہ جانن غیب جو لوک زمین آسمان
کافران سوال نبی نوں کدن قیامت اوسے
تحقیق اللہ نوں علم قیامت ہور سجاتی کوئی
ذرہ ہرگز کوئی شخص نہ جانی کیا کم بھلکی کرسی
بحقیق اللہ ہی جاننہارا خبر دیندین تسں ساکہ
ہر کنجیاں غیب دیاں اہنی پیغمبر فرماوے
تی جہیکر غیب میں جاناں تان حاصل کردا کجہ بھلیائی
ایہو میں ہو ہٹاں میں لوکاں نوں عذاب ڈراوان
کہیا قریش محمد تینوں رب نہ خبر بتاوے

باہجہ خدا اسے جانی جو وچہ جنگل دریا سوئی
نہ دانہ وچہ زمین انہیرا سبز خشک سمجھانے
گلا زندہ سکا مردہ ہرے علم خدا نوں
سن وچہ معالم باسناد حدیث نبی فرمائی
جو شکم ماواں دی اندر جملہ احوال نہ کوئی سمجھانے
سجانی کیہڑی دہرتی مرسی کدان قیامت ہوسی
مگر ان علم جو غیبی کنجیاں وکہہ معالم پتا
نہ جانی کدان اٹھاوی جاسن جانی رب جہانا
نوں آکہہ جو غیب خدا دا خاصہ نبی نوں رب فرشتے
تی بھیجے سینہ تی جو کجہ اندر رحمان جانی سوئی
تی ایہہ بھی نفس نہ جانی کوئی کہڑی جا تی مرسی
باسناد معالم اندر لیایا کنوں بخاری
پہر ایہہ آیت پڑہکی حضرت آخر تک سنا دی
تی تنگی لیکہہ تی سختی تینوں لگدی مع ان کلی
دی اہل ایماناں کل سن جنت رحمت خبر سناون
جو وقت ارزانی ان خریدیں فی مہنگا ہو جاوی

تا نفع تجارت پا دین ابوین جیران گا اس کو لوں	رب امر کیتا اوہ ایمان کمان ہی پایا نیں جانو
جو نامین لکھان ان پہیر ہو یا رسم قدیمون آئی	اسان انتشان سر کیا کچھ ہوی نیون خیرہ کائی

قال النجدی

فمن اثبته لغیرہ نبیا کان او ولیا صنما او وثنا ملکا او جنیا فقد اشرک باللہ **قال الھندی** اور جو کوئی شخص کسی نبی یا ولی کو یا جن یا فرشتے کو امام و امام زادے کو پیر و شہید کو یا نجومی و رمال کو یا جفار کو یا فال دیکھنے والے کو یا برہمن اسیے کو یا بھوت و پری کو ایسا جانے اور اسکے حق میں ایسا عقیدہ رکھے سو وہ مشرک ہو جاتا ہے۔

قال الفنجابی

اہل نفاق برانی عادت لفظان آپی اڑ دے	جے معنی رب کری ہدایت ہوو کرن کی سر دے
جو مولوی اسمعیل لئے وچ لفظان شرک لیا دے	تے معنی موقع عمل پر دی اسول جنان نہ جادے
او وہ تیری نال بھی اوہین کہ سن سمجھ پلید نیون ساڑے	اوہ حال ہندیاں دی جانڑ ویکھی سارے کم سوادے

۳۵

حلوائی عفی اللہ عنہ

جواب ذیل مین ہر سہ شیخ النجد و مولوی اسماعیل و حافظ محمد لکھوی کے سوالات کا درج کیا جاتا ہے۔

الجواب حدیث بخاری کا مطلب یہ ہی جیسی محدثین نے بیان کیا کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو پہلی قیامت کا علم تفصیل وار معلوم نہ تھا اسکو آپ نے فرمایا کہ مفصل مین نہین جانتا کہ ہماری درجات جنت مین کیسی ہین اور تمام مفصل حال کیسا ہوگا پس جب آپ کو علوم اولین و آخرین کے عنایت ہوئے تو مفصل حال آپکو معلوم کرایا گیا تھا ورنہ ایسی گستاخی کہ آپ کو عشرہ مبشرہ کے جنتی ہونیکی خبر ہو اور اپنی خاتمہ سے بیخبر رہے ہون حالانکہ فرمایا اللہ تعالی نے وعلمك ما لم تكن تعلم الخ مشکوۃ جلد اول کتاب بالایمان والقدر صفحہ ۲۱ مین ہے عن عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ تعالی عنہ قال خرج رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وفی یدیہ کتابان فقال صلی اللہ علیہ وسلم اتدرون ما ھذان الکتابان فقلنا لا یا رسول اللہ ان یخبرنا فقال للذی فی یدہ الیمنی ھذا کتاب من رب العلمین فیہ اسماء اھل الجنۃ واسماء آبائھم وقبائلھم ثم اجمل علی آخرھم ثم قال للذی فی شمالہ ھذا کتاب من رب العلمین فیہ اسماء اھل النار واسماء آبائھم وقبائلھم ثم اجمل علی آخرھم فلا یزاد فیھم ولا ینقص منھم ابدا الحدیث رواہ الترمذی پس اس حدیث سے معلوم ہوا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو تمام دوزخی اور جنتیون کی خبر ہے اور بخاری کتاب الاعتصام پارہ ۲۹ مین ہے عن انس بن مالک رضی اللہ عنہ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم خرج حین زاغت الشمس فصلی الظھر فلما سلم قام علی المنبر فذکر الساعۃ وذکر ان بین یدیھا امورا عظاما ثم قال من احب ان یسئل عن شیء فلیسئل عنہ فو اللہ لا تسئلونی عن شیء

الا اخبرتکم بہ مادمت فی مقامی ھذا قال انس فاکثر
الناس البکاء واکثر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان یقول
سلونی قال انس فقام رجل فقال این مدخلی یا رسول اللہ
قال النار قال انس فقام عبد اللہ بن حذافہ فقال من ابی
یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال ابوک حذافہ الحدیث
اور مسئلہ ذیل بہ بیت حضرت شیخ بہلول علیہ الرحمۃ کا واقعی اس حدیث کے مطابق ہے

مصطفی آمد درین راہ غیب دان   سر معنی را بدیدہ او عیان

اور فرمایا اللہ تعالی نے سورۂ آل عمران میں ما کان اللہ لیطلعکم علی الغیب
وما کان اللہ ... احد منکم علم الغیوب فلا تتوھموا عند اطلاع
الرسول بنفاق الرجل واخلاص الآخر انہ یطلع علی ما فی القلوب
باطلاع اللہ فیخبر عن کفرھا وایمانھا ولکن اللہ یجتبی من
رسلہ ای ولکن اللہ یرسل الرسول فیوحی الیہ ویخبرہ بان
فی الغیب کذا وان فلانا من قلبہ النفاق وفلانا فی قلبہ الاخلاص
فیعلم ذلک من جہت اخبار اللہ تعالی لا من جہت نفسہ تفسیر
مدارک اور اسی کے موافق فرمایا حضرت شاہ عبد العزیز محدث دہلوی قدس سرہ العزیز
نے اپنی تفسیر فتح العزیز میں تحت آیت ویکون الرسول علیکم شہیدا کے یعنی وباشد
رسول شما بر شما گواہ زیرا کہ او مطلع است بنور نبوت بر رتبہ ہر متدین بدین خود
کہ در کدام درجہ از دین من رسیدہ است وحقیقت ایمان او چیست وحجابیکہ
بدان از ترقی محجوب ماندہ است کدام است پس او می شناسد گناہان شمارا
ودرجات ایمان شمارا واعمال نیک وبد شمارا واخلاص ونفاق شمارا ولہذا شہادت
او در دنیا بحکم شرع در حق امت مقبول وواجب العمل است وآنچہ از فضائل
ومناقب حاضران زمان خود مثل صحابہ وازواج واہلبیت یا غائبان از زمان
خود مثل اویس وصلہ ومہدی ومقتول دجال یا از معائب ومثالب حاضران وغائبان بیفرماید

اعتقاد بران واجب است که ازین است که در روایات آمده که هر نبی را بر اعمال امتیان
خود مطلع میسازند که فلانی امروز چنین میکند و فلانی چنین تا روز قیامت ادائے
شہادت توانند کرد صفحہ ۵۱۸ پارہ ۲ سورہ بقر - وقسطلانی در مواہب لدنیہ گفتہ لا
فرق بین وفاته وحیاته فی مشاهدته لامته ومعرفته باحوالهم
ونیاتهم وعزائمهم وخواطرهم وذلك عند لا جلی لا خفی
فان قلت هذه الصفات مختصه بالله تعالی فالجواب
من انتقل الی عالم البرزخ من المومنین یعلم احوال الاحیاء
غالب وقد وقع کثیرا من ذلك کما هو مسطور - روی
ابن المبارك عن سعید بن المسیب رضی الله عنه لیس
من یوم الا ویعرض علی النبی اعمال امته غدوة وعشیا
فیعرف سیماهم واعمالهم ولذلك یشهد علیهم کما قال الله
تعالی وجئنا بك علی هؤلاء شهیدا - بدور السافرہ و مواہب
من غنیہ ۱۲ ترجمہ یعنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بیچ دیکھنے اور پہچاننے احوال
اور نیتین اور ارادے اور وسواس دلون کے زندگی اور وفات مین برابر
ہین - اسمین کچھ فرق نہین بیچ ان حالتون کے اور یہ پوشیدہ نہین ہے
جیسے روایت کیا ابن مبارک نے سعید بن مسیب سے کہ ہر روز اعمال
امت کے صبح اور شام کو پیش کرتے ہین آنسرور کائنات کو اسکی
خبر ہوتی ہے پس آپ پہچانتے ہین انکی چہرون سے انکے اعمال خواہ وہ
زبانی ہو یا دلی - بدنی ہو یا مالی اگرچہ وہ عمل نیک ہو یا بد اسیواسطے آن مفخر
موجودات علیہ التحیت والتسلیمات قیامت کے دن امت کی طرف سے ہمارے
اعمال نیک و بد کی شہادت یعنی گواہی دینگے اور اعمال بد پر امت کی رستگاری
کے لئے شفاعت کرینگے - یہ حدیث کرمانی شرح صحیح بخاری مین بھی مذکور
ہے ف پس جو لوگ ان آیات و احادیث سے روگردان ہین اس چیز کے

جو حضرت رسول اکریم افضل الصلوٰۃ والتسلیم اللہ جل جلالہ سے ہی لائے ہین
جیسی فرمایا اللہ جل وعلا نے اپنی پاک کلام مین یؤمنون ببعض الکتاب
ویکفرون ببعض۔ آپ کے علم کو لوگون سے چھپاتے اور برخلاف
(اسکی امثل یہودیون کی جو چھپاتے تھے نعت اور اوصاف آنجناب سعادت
مآب کے اور ظاہر کرتے تھے برخلاف اوصاف حضور کے اوصاف دجال لعین
کے جو لکھے ہوئے تھے) اب سوچنے کا مقام ہے کہ انمین
اور یہودیون مین کیا فرق ہے حالیکہ وہ یہودی تو ایمان ہی نہ لائے اور
اور حضرت کی کلام کو جھٹلایا اور طعن کیا۔ لیکن ان لوگون نے امتی ہوکر
اور کلام پاک پر یقین لاکر کیسے رخ پھیر لیا افسوس ہے اُن پر کہ جنھون
نے باوجود مومن کہلانے کے پھر بھی ان یہودیون اور منکرون کی درجہ
کو کیسی خوشی سے ایک نعمت عظمیٰ سمجھکر ہاتھون ہاتھ لیا۔ اور لکھا ہے تفسیر
معالم اور خازن وغیرہ مین تلے آیت وخلق الانسان علمہ البیان کی
تفسیر مین اراد بالانسان محمدا صلی اللہ علیہ وسلم علمہ
البیان یعنی بیان ما یکون وما کان لانہ صلی اللہ علیہ وسلم
ینبئ عن خبر الاولین والاخرین وعن یوم الدین سورہ
الرحمٰن جلد ۴ صفحہ ۲۱۹ مطبع مصر خازن ترجمہ اور پیدا کیا اللہ تعالیٰ نے
انسان کو سکھلا دیا اسکو بیان پس اس آیہ شریفہ کی تفسیر مین صاحب معالم
وخازن وغیرہ لکھتے ہین کہ انسان سے مراد حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم ہین
اور بیان سے مراد علم ما کان و یکون کا ہے اسلئے کہ بیان کردین حضور
صلی اللہ علیہ وسلم نے خبرین پہلون اور پچھلون کی اور دن قیامت کی
اور تفسیر حسینی جلد ۱ مطبع نولکشور کے صفحہ ۳۴۷ مین تلے آیت و نزلنا علیک
الکتب تبیانا لکل شیء کے لکھتے ہین وفرو فرستادیم بر تو قرآن بیان
روشن برای ہمہ چیز از امور دین و دنیا بہ تفصیل و اجمال۔ اسکے آخرہ

اور آیت فاوحی الی عبدہ ما اوحی سے بھی وسعت علمی حضور صلی اللہ علیہ
وسلم کی تفاسیر معتبرہ اور کتب سیر میں درج ہے اور آیت و علمک مالم تکن
تعلم سے بھی آپ کی وسعت علمی ثابت ہے جیسا کہ تفسیر حسینی والے نے بحر
الحقائق سے تحت آیت مذکورہ کے لکھا ہے کہ آن علم ما کان و ما یکون است کہ حق تعالی در
شب اسرای بدان حضرت صلی اللہ علیہ وسلم عطا فرمودہ چنانچہ در احادیث معراج
آمدہ است اور فرمایا اللہ تعالی نے ذلک من انباء الغیب نوحیہ الیک
اور یہ اخبار غیب سے ہے جو وحی کرتے ہیں ہم تیری طرف وقولہ تعالی
وما ھو علی الغیب بضنین یعنی نہیں ہے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم غیب
کے بیان کرنے پر بخیل ایسے وقولہ تعالی وما کان اللہ لیطلع
کم علی الغیب ولکن اللہ یجتبی من رسلہ من یشاء یعنی خدا تم
کو غیب پر مطلع نہیں کرتا ولیکن چن لیتا ہے اپنے رسولوں سے جسکو چاہتا
ہے وقولہ تعالی عالم الغیب فلا یظھر علی غیبہ احدا الا من
ارتضی من رسول یعنی نہیں اپنے غیب پر مطلع نہیں کرتا کسی کو مگر رسول
رسول پسندیدہ کو پس ان تمام آیات قرآنی سے خوب واضح ہوا کہ اللہ تعالی
اپنے خاص علم غیب پر اپنے رسول پسندیدہ کو مطلع فرماتا ہے اور رسول پسندیدہ
سے مراد محمد ہیں صلی اللہ علیہ وسلم جیسا کہ لکھا ہے صاحب تفسیر حسینی
نے تحت آیہ سورۃ جن فلا یظھر علی غیبہ۔ الآیہ کے اور اسی آیت کی تحت
لکھتے ہیں یعنی پس مطلع نمیکند بر غیب خاص خود ہیچ کس را بوجہیکہ رفع تلبیس و اشتباہ
و خطا بکلی دران اطلاع حاصل شود و احتمال خطا و اشتباہ اصلا نماند و ہمین
اطلاع کہ اول اظہار شخصی بر غیب توان گفت بخلاف اطلاع تخمین و اطباء و کاہنان
و جعفریان و فال بینان کہ علم ایشان بر بعض حوادث کونیہ از راہ استدلال یا سبباب
و علامات ظنیہ یا اخبار محتملۃ الصدق و الکذب جنیان و شیاطین تخمینی و وہمی
باشد نہ یقینی و اولیا اگرچہ علم الہامی یقینی بہ بعض حقائق ذات و صفات یا ...

کو بنیہ حاصل نمیشود اما تلبیس و اشتباہ بجمیع الوجوہ از ان مرتفع نگردد تا اظہار
ایشان بر غیب و استیلا بر ان متحقق گردد بلکہ اظہار غیب بر ایشان و انعکاس
صورت غیبیہ در آئینہ وجدان ایشانست الی قولہ پس اظہار بر غیب ہیچ کس را
نمی دہند الامن ارتضی من رسول یعنی مگر کسی را کہ پسند میکند و آنکس رسول میباشد
الی قولہ کہ او را از بعضی غیوب خاصہ خود مطلع میفرماید تا آن غیوب با مکلفین رسانیدہ
تلبیس و اشتباہ را از وی بکلی رفع می نمایند الی قولہ زیرا کہ این آیت نفی اطلاع
بر غیب بوجہیکہ رفع تلبیس و اشتباہ بکلی در ان حاصل شود از غیر رسولان میکند
نہ نفی اطلاع بر غیب مطلقا چہ جائے آنکہ کرامات دیگر را ابطال نماید و در تفسیر
گذشت کہ اظہار شخصی بر غیب چیزے دیگر است و اظہار غیب بر شخص چیزے دیگر
از نفی آن نفی این لازم نمی آید و اولیاء اللہ را اگرچہ اظہار بر غیب حاصل مینیت
الی قولہ و اگر مراد از غیب مطلق غیب مراد باشد لازم آید کہ نبی محض را مثل حضرت
خضر علیہ السلام نیز اطلاع بر ہیچ امر غیبی حاصل نشود زیرا کہ در آیت حصر علم غیب
بر لفظ رسول فرمودہ اند و رسول اخص از نبی است آرے اطلاع بر احکام
شرعیہ جدیدہ دادن خاصہ رسول است کہ در نبی یافتہ نمیشود و بعضی از ایشان
گفتہ اند کہ حصر بملاحظہ قید اصالت است یعنی بالاصالت اطلاع بر غیب خاصہ پیغمبران
است و اولیا را اطلاع بر غیب بطریق وراثت و طبعیت حاصل میشود چنانچہ نور قمر
مستفاد از نور شمس است و حصر چیزے در آنچہ بالاصالت باشد الی قولہ و اطلاع بر
لوح محفوظ بمطالعہ و دیدن نقوش نیز از بعضی اولیا بتواتر منقولست صـ۲۹ سے
صـ۳۵ تک اور اسیطرح احادیث صحیحہ سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا عالم الغیب ہونا
بتعلیم الہی اظہر من الشمس ہے چنانچہ صحیح بخاری کتاب بدأ الخلق کی شروع میں
روایت ہے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے قال قام فینا النبی صلے اللہ علیہ
وسلم مقاما فاخبرنا عن بدء الخلق حتی دخل اہل الجنۃ
منازلھم واھل النار منازلھم - ترجمہ شیخ الاسلام شارح صحیح بخاری بطع

دہلی صفحہ ۲۶۷ گفت امیر المؤمنین عمر رضی اللہ عنہ ایستاد در میان ما آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم ایستادنی دراز بموعظت وخطبہ پس خبر داد ما را از آغاز آفرینش تا آخر تا
قیامت کہ در آیند بہشتیان منزل ہای خود را دوزخیان جاہائے خود را از دوزخ
یاد داشت آنرا کسی کہ خوب یاد گرفت وفراموش کرد آن کسی کہ غفلت کردہ یاد
نگرفت اور تیسیر القاری شرح صحیح بخاری کے صفحہ ۲۰۲ جلد سوم مین ترجمہ حدیث مذکور کا
محدث نور الحق خلف الصدق شیخ عبد الحق محدث دہلوی قدس سرہ العزیز نے اسطرح
تحریر فرمایا ہی گفت طارق شنیدم عمر را میگفت ایستاد بخطبہ در میان ما پیغمبر خدا
بمقامی پس خبر داد ما را از ابتدائے خلقت عالم تا آنکہ در آمد اہل بہشت جاہائے خود را و اہل دوزخ
جاہائے خود را یعنی از ابتدای تا انتہاء نشأۂ دنیا خبر داد پس یاد گرفت ہمہ مذکور را اگر یاد
گرفت اور حاشیہ بخاری مطبوعۂ احمدی مذکورہ بالا مین بحوالہ کرمانی لکھا ہی کہ
خبر دی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سب کی معاش کی اور ایسا ہی لکھا ہی خیر جاری
شرح صحیح بخاری مین کہا طیبی نے اس حدیث مین دلیل ہی کہ حضور صلی اللہ علیہ
وسلم نے تمام مخلوقات کی حالات سے خبر فرما دی ہے اور ترجمہ فارسی مشکوۃ مین
شیخ عبد الحق محدث دہلوی نے اسی حدیث کی نیچے لکھا ہی یعنی احوال مبدا و
معاد از اول تا آخر ہمہ را بیان کرد اور بخاری ومسلم وغیرہما نے حذیفہ رضی اللہ تعالی
عنہ سے روایت کی ہی قال خطب النبي صلی اللہ علیہ وسلم خطبۃ ما ترك
فیہا شیئا الی قیام الساعۃ الا ذکرہ علمہ من علمہ وجہلہ من جہلہ
یعنی خطبہ پڑہا ہمکو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسا خطبہ کہ نہ چہوڑی اسمین کوئی چیز
قیامت تک مگر اسکو ذکر فرما دیا جسنے جان لیا اوسکو جان لیا اور جسنے بھلا دیا اوسکو
بھلا دیا اور اسکی حاشیہ مین شرح عینی سے لکھا ہی کہ تمام امورات موجودات کی جو کہ
تقدیر مین تھی آپ نے بیان فرما دی صحیح بخاری صفحہ ۹۷۷ مطبوعہ احمدی اور صحیح مسلم
کتاب الفتن اور اشراط الساعۃ مین اسی راوی حذیفہ رضی اللہ تعالی عنہ
سے مروی ہے کہ آنحضرت علیہ الصلوۃ والتسلیم نے جو کچھ قیامت تک ہونا

تھا مجھے سب سے مطلع فرمادیا ستر جگہ اور علامہ خطیب قسطلانی فی مواہب لدنیہ کے باب اخبار بالغیب مین لکھا ہے اخرج الطبرانی عن ابن عمر رضی اللہ تعالی عنہما قال قال رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ان اللہ رفع لی الدنیا فانا انظر الیہا والی ماھو کائن فیہا الی یوم القیمۃ کانما انظر الی کفی ھذہ یعنی فرمایا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ظاہر کی گئی دنیا میرے لئے پس مین دیکھ رہا ہون دنیا کو اور جو کچھ اسمین واقع ہونا ہے قیامت تک گویا کہ مین اپنی کف دست کو دیکھ رہا ہون پھر بعد نقل کرنے احادیث صحیح مسلم اور ابوداؤد کی آخر مین فرمایا مواہب مذکور مین کہ بیشک اللہ تبارک و تعالی نے آپ کو اس سے بھی زیادہ پر مطلع اور خبردار فرمایا ہے اور ظاہر کئے آپ پر حق جل و علا نے علوم اولین و آخرین کی یہ سب ترجمہ ہے مواہب لدنیہ کی عربی عبارت کا اور علامہ محمد زرقانی نے مواہب لدنیہ کی شرح مین نیچے حدیث طبرانی کے لکھا ہے قولہ رفع ای اظہر و کشف لی الدنیا بحیث احطت بما فیہا یعنی ظاہر کی اللہ تعالی نے دنیا اوپر میرے اس حیثیت سے کہ احاطہ کیا مینے ہر چیز کو جو واقع ہوتی ہے دنیا مین اور وہ حدیث جسمین ذکر ہے کہ خطبہ پڑھا آپ نے فجر سے ظہر تک اور ظہر سے عصر تک اور عصر سے شام تک بعد اسکے فرمایا فاخبرنا بما کان و بما ھو کائن فاعلمنا احفظنا کہا عمر ابن الاخطب رضی اللہ عنہ نے کہ خبر دی ہمکو اس چیز سے جو کچھ ہوا اور اس چیز کو جو کچھ ہونا تھا پس جان لیا ہمنے اور نگاہ رکھا ہمنے صحیح مسلم اور مشکوۃ کی باب المساجد اور مواضع الصلوۃ مین حدیث ہے جسمین ذکر ہے آپ کا خواب مین دیدار الہی کرنے کا اور ہاتھ برکت کف کی سردی پہنچنا آپ کی پستان مبارک مین جس پر حضور نے فرمایا کہ ہر چیز ظاہر ہوگئی میرے پر اور مینے پہچان لیا۔ اور دوسری روایت مین ہے فعلمت مافی السموات و الارض جسکا ترجمہ محدث دہلوی یون لکھتے ہین پس دانستم ہر چہ در آسمانہا و ہر چہ در زمین بود عبارت است از حصول تمامہ علوم جزوی

وکلی واحاطہ آن اور صحیح بخاری کی کتاب الجنائز باب الصلوۃ علی الشہیدین
ہے عن عقبۃ ابن عامر ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم خرج یوما
فصلی علی اہل احد صلوٰۃ علی المیت ثم انصرف الی المنبر
فقال انی فرط بکم وانا شہید علیکم انی و اللہ لانظر الی
حوضی الآن وانی اعطیت مفاتیح خزائن الارض وانی
واللہ ما اخاف علیکم ان تشرکوا بعدی و لکنی اخاف ان
تنافسوا فیہا اور محدث نور الحق خلف الرشید شیخ عبدالحق محدث دہلوی قدس
سرہما العزیز تیسیر القاری شرح صحیح بخاری میں تحت قولہ علیہ السلام وانا شہید
علیکم کے لکھتے ہیں من گواہم برشما باعمال شما این حدیث دلیل حیات آنحضرت
میتواند بود ازانکہ باید تا قیامت مطلع باشد وباقی بود تا گواہی ہمہ امت تواند داد
ودر حدیث ابن مسعود است بزار کہ رفع کردہ است باسناد صحیح حیاتی خیر
لکم ومماتی خیر لکم زندگی من بہتر است برائی شما وموت من بہتر
برائی شما تعرض علی اعمالکم فما رأیت من خیر حمدت اللہ علیہ
وما رأیت من شر استغفرت اللہ لکم عرض کردہ می شود بر من
عملہائے شما پس آنچہ می بینم من از نیکی شکر میکنم بران وآنچہ می بینم از بدی
آمرزش می طلبم از خدا برائی شما وانی و اللہ ومن سوگند خدا بر آئینہ من
می بینم حالا بسوئے حوض خود کہ در آخرت خواہد بود ومن دادہ شدہ ام کلیدہائے
خزائن زمین اگر خواہم متصرف شوم یا کلیدہائے زمین شک راوی است شراح
گفتہ اند این اخبار است بآنچہ دادہ شدہ است او را بعد از ان حضرت ازان ممالک
ملک وبہ تحقیق من سوگند خدا نمی ترسم بر شما اینکہ شرک آرید پس از من ولیکن می
ترسم بر شما این راکہ حسد وبغض در میان بجواز دفن کردن دو کس یا سہ کس
در یک گور۔ الخ۔ جلد اول مطبع علوی لکھنؤ ص ۲۷۹ پس اس حدیث سے کئی فائدے
ثابت ہوئے ہیں انکو تمام امت کی قیامت تک اعمال ظاہری اور باطنی کا معلوم کرنا۔

لہذا قیامت کے دن انپر گواہی دینی اور موافق اس حدیث بخاری کی ہونا جو کہ
حضرت شاہ عبدالعزیز دہلوی نے تلے آیت ویکون الرسول علیکم شہیدا
کی لکھا ہے اور اسیطرح موافق ہونا امام قسطلانی شارح صحیح بخاری کا اور یہہ
فقرہ حدیث بخاری کا انا شہید علیکم مطابق ہے قولہ تعالی وجئنا
بک شہیدا علی ھؤلاء کے دوسرا ہمیشہ زندہ رہنا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا
ساتھ اسی حیاتی دنیاوی کی تیسرا آپ کا اپنے حوض میں دیکھنا وقائع قیامت کو
چہارم یہہ کہ آپ کی امت مشرک نہ ہو جاویگی جیسا کہ زعم کیا اسکو لا مذہبوں نے

مسئلہ عدم کفریت ناکح بشہادت خدا و رسول

علامہ قاری شرح شفا میں لکھتے ہیں کہ آپ کی معلومات بے نہایت اور لا غایت تھی
اور آپ کو علم اسکا جو چیز ہو چکی ہے اور ہوگی سعادت و شقاوت سب کی اطلاع
دیگئی ہے۔ بدلیل آیت اور تعلیم کیا تجھکو جو تو نہیں جانتا تھا اور خدا کا فضل تجھپر
بڑا ہے۔ الخ۔ اور نیز یہی علامہ قاری شرح قصیدہ بردہ میں لکھتے ہیں اسکی
یہی کہ آپ کی بعض بخشش دنیا اور آخرت ہے اور بعض علوم آپ کے سے علم لوح
و قلم ہے کہ علم لوح و قلم کا آپ کی علوم کا بعض اسوجہہ سے ہے کہ آپ کے علوم
کلیات اور جزئیات اور حقائق و دقائق اور عوارف و معارف متعلق ذات
و صفات کی طرف قسم پذیر ہیں اور علم لوح و قلم کا آپ کی علموں سے ایک سطر
اور آپ کے علموں کے دریاؤں سے ایک نہر ہے۔ الخ۔ اور نیز یہی قاری
مرقات میں حدیث ہے کہ تم مجھپر درود بھیجا کرو تمہارا درود مجھکو ضرور پہنچتا ہے
جہاں سے تم بھیجو گے۔ قاضی نے کہا ہے اور یہہ اسلئے کہ پاک نفس جب بدنی
علائق سے خالی ہو کر اونچے جاتے اور ملاء اعلی سے متصل ہوتے ہیں
اور کوئی پردہ نہیں رہتا ہے تو سب کو دیکھتے ہیں جیسا کوئی خود دیکھہ رہا ہے
یا فرشتہ کی خبر دینے سے انکو اور اسمیں بھید ہی مطلع ہوتا ہے اسپر حسب استعداد
ہو اور ایسا ہی امام سیوطی کے رسالہ المنموذج اور شاہ ولی اللہ کی حجۃ اللہ البالغہ

مین درج ہے اور یہہ دعوی کہ بعض متاخرین نے جو روایت تکفیر نا کو شبہادہ
الشدو، سولہ مین گفتگو کی ہے اسکی بنیاد اسپر ہے کہ جب ایک مسئلہ مین
کمی وجوہ قوی تکفیر کے ہون اور ایک وجہہ ضعیف عدم تکفیر کی ہو تو رجحان
عدم تکفیر کو ہوگا محض کذب ہے۔ کیونکہ اس مسئلہ مین تو کوئی ایک وجہ
بھی تکفیر کی نہین ہے چہ جائیکہ بہت وجہہ تکفیر کی ہون اس لئے کہ یہہ
مخالف ہے آیت کے کہ خدا غیب دان ہے اپنے غیب پر کسی کو مطلع نہین
کرتا مگر رسول پسندیدہ کو جیسا کہ معتبر فقہا کے اسپر تصریح ہوئی ہے اور
یہ جو کہا ہے کہ اسمین ہم متفق ہین کہ آپ پر اشیاء عرض ہوتی ہین اور آپ
بعض غیب با علام الٰہی جانتے ہین لیکن اس سے مطلق غیب محیط کا ثبوت
نہین ہوتا ہے پس اگر اس سے مراد نفی علم غیب مطلق اور احاطہ اشیاء مانند
علم اور احاطہ باریتعالے کے ہے تو ہم بھی اس کی نفی کے قائل ہین اور
اگر مراد یہہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو علم محیط زمین کا نہین ہے اور
یہہ احاطہ شیطان لعین کیواسطے نص سے ثابت ہے اور پہلا نص سے ثابت
نہین جیسا کہ جواب تفصیلی والون کا قول ہے تو یہہ بالکل باطل اور صریح
جھوٹ ہے کیونکہ جنکو علم ما کان وما یکون کا دیا گیا ہو ان کا علم شیطان
کے علم سے کیونکر ناقص ہوگا اور قریب اس کا بخوبی رد مذکور ہوگا اور سب
کامون مین خدا ہی مددگار ہے اور اسپر توکل ہے اور کہا صاحب تفسیر نیساپوری
نے کہ مراد نفی علم غیب سے علم غیب استقلالی کی نفی ہے جیسا کہ وہی صاحب
تفسیر نیساپوری آیت قل لا اقول لکم عندی خزائن اللہ ولا
اعلم الغیب الآیۃ کی تفسیر مین لکھتے ہین کہ باریتعالی نے اپنے نبی علیہ السلام کو
حکم کیا کہ اپنی ذات سے تین کام کی نفی کردین اور کہین کہ مین نہین کہتا کہ میرے
پاس خدا کے خزانے ہین جمع خزانہ وہ مکان جسمین کچھہ چھپا رکھتے ہین چھپا
رکھا چیز کا اسوجہ سے کہ اسکو ہاتھہ نہین پوچھتا ہے اور مین غیب نہین جانتا

عالم الغیب فلا یظہر علی غیبہ احدا الا من ارتضی من رسول

فتح ربانی مجلس ٥٣

صاحب کشاف نے کہا ہے کہ یہ محل نصب مین ہے عطف ہے محل عندی خزائن اللہ پر کہ وہ جملہ مقولہ قول سے ہے یعنی مین نہ وہ کہتا ہون نہ یہہ کہتا ہون مین کہتا ہون کہ ان اقول پر عطف کا بھی احتمال ہے یعنی کہدے کہ مین غیب نہین جانتا اس مین دلالت ہے اسپر کہ غیب بالاستقلال خدا ہی جانتا ہے برخلاف اسکے کہ خدا کے خزانے آپ کے پاس ہون اور آپ فرشتہ ہون کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے ان دونون مقامون کے ہونے کا احتمال ہے ولیکن آپ انکو ظاہر نہ کرین اور ان کامون کی نفی کرنیکی فائدہ مین مفسرین نے اختلاف کیا ہے بعضون نے کہا کہ مراد اظہار تواضع اور خضوع خدا کے لئے ہے اور اپنی عبودیت کا اقرار کرنا کہ آپ کے حق مین کوئی ایسا اعتقاد نہ کرے جیسا کہ یہود نصاری نے حضرت مسیح علی نبینا وعلیہ السلام کے بارہ مین اعتقاد کیا تھا اور بعضون نے کہا ہے کہ مقصود اپنی عاجزی اور ضعف سے خبر دینی ہے اور یہہ کہ اپنی آپ معجزہ نہین دکھا سکتے جو کافر آپ سے مانگتے ہین جیسا کہ ان کا یہہ قول ہے کہ ہم ہرگز تجھپر ایمان نہ لاوینگے تا کہ تو ہمارے لئے چشمہ جاری نہ کرے۔ الی قولہ ہلین نہین ہون مگر آدمی رسول اور بعضے کہتے ہین کہ مراد یہہ ہے کہ مین نبوت اور رسالت کی سوا کسی چیز کا مدعی نہین ہون اور خدائی دعوے اور فرشتہ ہونے کا دعوے نہین کرتا یہہ تفسیر نیشاپوری کی عبارت کا ترجمہ ہے جلالین کے حاشیہ جمل مین ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جو اپنے نفس شریف سے ان چیزون کی نفی فرمائی تو یہہ حق تعالی کیلئے تواضع ہے اور اپنی عبودیت کا اقرار ہے اور اس لئے کہ کافر آپ سے معجزات مقترحہ طلب کرین جو مجھے وحی ہوتی ہے مین اس کا تابع ہون یعنی خدا کی طرف سے جو مجھے وحی ہوتی ہے اس کی خبر دیتا ہون۔ الخ۔ پھر جمل مین لکھا ہے اگر تو کہے کہ ان حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بہت سی خبرین غیب کی دی ہین اور ہم

حدیثون سے وہ ثابت ہے اور وہ آپ کے بڑے معجزات سے ہے تو اس مین
اور آپ کی نفی علم غیب قرآنی مین جو ہے اور تطبیق کیونکر ہو مین کہتا ہون العینی
جواب مین اسکے یہہ نفی آپ نے بطریق تواضع اور ادب کے کی ہو اور معنی اسکے
یہہ ہین کہ مین خود غیب نہین جانتا مگر حق تعالی مجھ کو غیب پر اطلاع دیتا ہے
اور اسپر قادر کرتا ہے اور یہہ بھی ممکن ہے کہ آپ نے قبل از اطلاع علم غیب
وہ نفی فرمائی ہو پھر جب غیب پر مطلع ہوئے تو اس کی خبر دے دی جیسا کہ
منصوص قرآن ہے کہ خدا اپنے غیب پر کسی کو غالب نہین کرتا مگر رسول پسندیدہ
گویا وہ نفی لوگون کے سوال کے جواب مین فرمائی پھر اللہ تعالے نے آپ پر
بہت سی غیب کی باتین ظاہر فرمائین تب آپ نے انکی خبرین دین تاکہ
وہ آپ کا معجزہ اور صدق نبوت کی دلیل ہو۔ الخ۔ خازن۔ یہہ حاشیہ جمل
کی عبارت کا ترجمہ ہے اور آیت قل لا اقول لکم عندی خزائن اللہ ولا اعلم
الغیب۔ الآیۃ کے نیچے تفسیر روح البیان مین لکھا ہے کہ حق تعالی نے
اپنے رسول علیہ السلام کو فرمایا ان یکلم الکفار علی قدر عقولھم یعنی کہ
کافرون سے ان کی عقل کے موافق باتین کرین آلی قولہ اور مین خود بخود
غیب نہین جانتا کیونکہ آپ اللہ تعالے کے اعلام سے ماضی اور آئندہ کی
خبر دیتے تھے اور شب معراج کے واقعے مین واقعی آپ نے فرمایا ہے کہ
میرے حلق مین ایک قطرہ ٹپکا جس سے مین نے جو ہوا اور جو ہوتا ہے
اور جو ہوگا سب معلوم کر لیا پس جو کوئی کہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
غیب نہین جانتے بیشک وہ راہ راست بھولا یہہ ترجمہ ہے عبارت تفسیر
روح البیان کا اب ان منقولات معتبرات سے بخوبی ثابت ہوا کہ سرور عالم صلی
اللہ علیہ وسلم اللہ تعالے کے اعلام سے بیشک غیب جانتے ہین اور نفی
اس کی تواضع کے طور پر اور دعوے خدائی کے اعتقاد کے دفع کیواسطے
ہے پس آیات نفی علم غیب اور آیات واحادیث مثبت علم غیب مین ہرگز تناقض

نہیں ہے اور نہ اسمین کوئی شائبہ شرک کا ہے جیسا کہ وہابی لوگ زعم کرتے
ہین اور نیز مفاتیح غیب کے علم کی نفی جو آپ سے کیگئی ہے تو اس سے بھی
علم استقلالی کی نفی مراد ہے اور بیشک اللہ تعالی نے اس آیت کی آخیر
فرمایا ہے کہ تحقیق خدا علیم خبیر ہے مرقات مین ہے کہ خدا ان چیزون کے
باطن پر خبر دار ہے جیسا کہ ان کے ظاہر کو جانتا ہے یا معنے خبیر کے مخبر کے ہین
یعنی اللہ تعالی بعضے ان کی جزئیات پر اپنے بعضے خاص بندون کو خبر دار کر دیتا
ہے اور قرآن مجید کی بہت آیات نے بھی خبر دار کیا ہے کہ علم وقت قیامت
حق تعالی کو ہے یہ ترجمہ ہے عبارت مرقات کا اور اوپر خصائص کبری امام سیوطی
سے منقول ہو چکا ہے کہ بعضون کے نزدیک آپ کو وقت قیامت کا علم بھی تھا
مگر اس کے چھپانے پر مامور تھے اور امام ابو منصور ماتریدی کی تفسیر میں
جو بنام تاویلات ابی منصور مشہور ہے لکھا ہے ان اللہ عندہ علم
الساعۃ۔ یعنی خدا کے نزدیک علم قیامت کا ہے بعضی حدیثون مین عبد اللہ
بن عمر رضی اللہ عنہما سے آیا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے
کہ مفاتیح غیب پانچ چیزین ہین انکو خدا کے سوا کوئی نہین جانتا ہے پھر ان
حدیثین ذکر کر کے کہا کہ اگر یہہ حدیثین ثابت ہین تو مراد ان سے یہ ہے کہ ان
کی حقیقت پر کسی کو خود بخود وقوف نہین ہے ورنہ جائز ہے کہ کہا جائے
کہ بعض یہہ چیزین معلوم ہوتی ہین جیسے کہ نجومی حساب سے معلوم کر لیتا ہے
اور خدا کے معلوم کرانے سے بھی خبرین ظاہر ہوتی ہین کیا تم نہین جانتے کہ
حضرت ابراہیم علی نبینا و علیہ السلام نے تارون کو دیکھ کر اپنے بیمار ہونے کی
خبر دے دی تھی اور حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے کہا تھا کہ مجھے القا
ہوا ہے کہ خارجہ کے پیٹ مین لڑکی ہے تو لڑکی ہی ہوئی تھی اور یہہ بات
ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے القا سے معلوم فرمائی تھی اور آنحضرت صلی
اللہ علیہ وسلم کو بھی اسکا علم تھا مگر علم قیامت کہ اسپر کوئی مطلع نہین ہے مگر

یون کہا جائے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اسمین کلام کرنے کا اذن نہ تھا اور نہ کسی شئ مین کہنی کا مگر آسمان کی وحی سے یہہ ترجمہ ہے عبارت تاویلات امام ابو منصور کا جو کتب خانہ مکہ معظمہ مین قلمی موجود ہے اور تفسیر روح البیان مین آیت مفاتیح الغیب کے نیچے لکہا ہے کہ معلوم ہوا کہ علم غیب حق تعالی سے خاص ہے اور جو انبیا اور اولیا سے غیب کی خبرین دینی مروی ہین پس وہ خدا کی تعلیم سے ہے یا بطریق وحی یا بطور الہام اور کشف کے پس جس علم پر سوائے انبیا و اولیاء و ملائکہ کے کوئی مطلع نہین ہوتا وہ حق تعالے سے ہی خاص ہوا جیسا کہ آیت عالم الغیب فلا یظہر علی غیبہ احداً الا من ارتضے من رسول کا مضمون ہے یہہ بعینہ اسکی عبارت کا ترجمہ ہے محدث دہلوی ترجمہ مشکوۃ مین آیت ان اللہ عندہ علم الساعۃ یعنی خدا کے نزدیک قیامت کا علم ہے اور خدا ہی مینہ برساتا ہے آخر آیت تک کے نیچے لکہتے ہین کہ مراد اس سے یہہ ہے کہ خدا کی تعلیم کے سوا عقل کے حساب سے کوئی نہین جانتا ہے مگر حقتعالی اپنے پاس سے کسی کو بتلادے وحی اور الہام سے ۔ الخ ۔ مترجماً اب ان منقولات کے رو سے یہہ دعوی مکذبین کا کہ (یہہ پانچون علم مفاتیح غیب خدا سے خاص ہین ان مین سے کسی کا غیر اللہ کیواسطے ثابت کرنا قرآن و حدیث و اجماع امت کے برخلاف ہے ۔ الخ بالکل باطل ہوگیا اور نیز یہہ قول انکا کہ اس قول کے مخالف اور معارض یا مؤول ہوگا یا مصروف ہوگا عن الظاہر ورنہ مردود ہوگا ۔ تفسیر نیشاپوری وغیرہ کی سند سے ہی رد ہوگیا اور بخوبی متحقق ہوا کہ آیات و احادیث جنسے علم غیب کا حقتعالی سے مخصوص ہونا ثابت ہوتا ہے سب حق ہین مراد ان سے علم استقلالی ہے اور وہ آیات و احادیث جنسے ثابت ہورہا ہے کہ حق تعالی نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو علم غیب جسمین مفاتیح غیب وغیرہا سب داخل ہین انکی تعلیم فرمائی

ہے وہ بھی سب حق اور بیشک ہین مراد اُن سے اطلاع اور غیب پر غلبہ ہے حق
تعالی کی تعلیم سے نہ خود بخود آپ غیب دان ہین اب اسمین کوئی بھی شک وفقر
نہین ہے اور خدا ہی حق کو حق کرنیوالا ہے اور سیدھی راہ کا راہنما ہے اور
علمار راسخین نے انبیا کے واسطے بعض علم غیب کا اعتقاد انھین دلائل
مذکورہ صدر سے ثابت کیا ہے جنکو یہہ لوگ ظنی بتار ہے ہین سید احمد طحطاوی
درمختار کے حاشیہ مین بنقل شیخی زادہ ناقلاً تاتار خانیہ سے لکھتے ہین کہ بعض
اشیا آپ کے روح مبارک پر عرض کیجاتی ہین اور آپ بعینہ غیب جانتے
ہین بدلیل آیت عالم الغیب فلا یظہر علی غیبہ احدا الا من ارتضیٰ
من رسول یعنی خدا غیب دان ہے پس اپنے غیب پر کسی کو اطلاع یا
غالب نہین کرتا ہے مگر رسول پسندیدہ کو ۔ اھ ۔ یہہ ترجمہ ہے عبارت
طحطاوی کا اور سید ابن عابدین رد المختار حاشیہ درالمختار مین بنقل تاتار
خانیہ ناقلاً فتاوی حجت سے بنقل ملتقط فرماتے ہین کہ آن حضرت صلی
اللہ علیہ وسلم کے روح مبارک پر چیزین عرض کیجاتی ہین اور رسول بعض
غیب جانتے ہین بدلیل آیت مذکورہ صدر ۔ اھ ۔ یہہ رد المختار کی عبارت
کا ترجمہ ہے اور خود مولف براہین نے شرح فقہ اکبر سے براہین مین اور نیز
جواب تفصیلی مین یون لکھا ہے پھر جان لو کہ انبیا غیب کی چیزین نہین جانتے
مگر جو حقتعالے انکو گاہی گاہی تعلیم کرتا ہے ۔ اھ اور نیز یہی علی قاری مرقات
مین لکھتے ہین کہ اولیا سے غیب کی خبرین دینی مشہور ہین جیسا کہ شیخ
کبیر ابو عبد اللہ اپنی کتاب عقائد مین فرماتے ہین کہ ہمارا اعتقاد ہے کہ بندہ
حالات مین انتقال کر کے نعت روحانی تک پہنچ جاتا ہے پس وہ غیب
جانتا ہے اور زمین اس کے لئے لپیٹی جاتی ہے اور وہ پانی پر چلتا ہے
اور آنکھونسے غایب ہوجاتا ہے ۔ یہ ترجمہ ہے عبارت مرقات کا عقائد کی معتبر
کتاب کی نقل ہے اور رد المختار مین ہے بلکہ عقائد مین مذکور ہے کہ منجملہ

کرامات اولیا کی بعض غیبون پر اطلاع ہے - الخ - اگر یہہ اعتراض کرین کہ ان روایات کتب عقائد و فقہ سے نبیون اور ولیون کا بعض غیب پر مطلع ہونا اور بتعلیم الہی اسکا جاننا جو مذکور ہوا ہے یہہ صاحب براہین وغیرہ اس کے ہمراہیون کو بھی کسی قدر اسکی تسلیم ہے مگر آنحضرت علیہ الصلوۃ والسلام کی سب زمین و آسمان کے حالات او. جو ہوا اور ہوگا - اپیر اطلاع ان روایات سے تو ثابت نہین ہوتی ہے تو اسکا جواب یہہ ہے کہ علماء دین نے جو انبیا اور اولیا کی اطلاع بعض غیب پر لکھی ہے تو وہ بہ نسبت علم الہی کے ہے ورنہ انبیا خصوصاً سرور عالم علیہم السلام والثنا کا علم اپنی ذات مین تو بہت سے بہت ہے قرآن مجید مین فرمان ہے کہ حق تعالی نے علم نافع باعمل دینے والا ہی جسکو چاہتا ہے اور جسکو یہہ علم دیا گیا ہے پس بتحقیق بہت نیکی دیا گیا کہ اسکا انجام ابدی نیکی کی طرف ہے یہہ تفسیر جلالین مین ہے اور تفسیر مدارک مین لکھا ہے یحیی ابن اخطب نے کہا کہ تمہاری قرآن مین ہے کہ جو علم نافع دیا گیا وہ بتحقیق بہت سی نیکی دیا گیا پھر تم اسی قرآن سے پڑھتے ہو کہ تم تھوڑا سا علم دئے گئے ہو تو اسکی جواب مین یہہ آیت نازل ہوئی قل لو کان البحر مدادا لکلمت ربی - الایۃ - یعنی تو کہدے اگر سمندر خدا کی باتون کے لئے سیاہی ہو تا آخیر آیت - یعنی علم نافع بہت سی نیکی ہے مگر حق تعالی کے علمون کی بہ نسبت ایک قطرہ سمندر سے ہے - اہ مختصراً اور تفسیر خازن مین ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہما نے فرمایا کہ یہود نے کہا یا محمد صلی اللہ علیہ وسلم آپ خیال کرتے ہو کہ ہم علم نافع دئے گئے ہین اور تمہارے کتاب مین ہے کہ جو جسکو علم نافع ملا وہ بہت سی نیکی دیا گیا پھر آپ کہتے ہو کہ لوگ تھوڑا سا علم دئے گئے ہین تب حق تعالی نے یہہ آیت اتاری قل لو کان البحر مدادا لکلمت ربی لنفد البحر قبل ان تنفد کلمت ربی یعنی تو کہدے اگر سمندر سیاہی ہو تا کہ لکھی

میرے رب کی باتین بیشک دریا خرچ ہوچکیگا پہلے اس سے کہ میرے رب کی باتین تمام ہون یعنی علم اور حکم خدا کا۔ اھ۔ مترجماً اور ایسا ہی تمام تفسیرون مین ہے اور حاشیہ شہاب بیضاوی سے بنقل طیبی اوپر لکھا گیا ہے کہ آسمان اور زمینون کی غیب اللہ تعالی کے معلومات کی بہ نسبت ایک قطرہ ہے دریاؤن سے اور صحیح مسلم وغیرہ کی حدیثون سے اوپر لکھا گیا ہے کہ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ مجھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کچھہ قیامت تک ہونا تھا خبر دیدی اور عمرو ابن اخطب کی روایت مین ہے کہ آپ نے ہمکو جو کچھہ کہ ہوا اور ہوگا سب پر خبردار کردیا پس صاحب براہین مع حوارین ان صحیح حدیثون ، پر قرآنی آیات پر معترض ہین کہ یہہ ظنی دلائل ہین ان سے علم محیط زمین کا سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو قطعی ثابت نہین ہوتا ہے جو اس کا قائل ہے اسنے خدا سے شرک کیا اور مشکوۃ کی روایت حضرت جابر سے جو شیطان کے لوگون کے حال پر اطلاع اپنی فوج کی وسیلہ سے وارد ہوئی ہے اسکو صاحب براہین مع حوارین تسلیم کرتے ہین اور کہتے ہین کہ اس نص قطعی سے شیطان کا علم محیط ثابت ہے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا علم ایسا نہین ہے تو یہہ آپ کی صریح اہانت اور آپکی کمال عناد اور شیطان رجیم کی نہایت تعظیم نہین تو اور کیا ہے۔ حق تعالی پناہ دے اور یہی عقیدہ بے سبہ لامذہبون کا اور یہہ سب ہمعقیدہ ہین شیخ النجد سے اور فرمایا اللہ تعالی نے سورۂ احقاف مین ما ادری ما یفعل بی ولا بکم یعنی مین نہین جانتا کہ کیا کیا جائیگا میرے ساتھ اور کیا کیا جائیگا تمہارے ساتھ جس سے نجدی نے ثابت کیا ہے کہ آپ کو اپنے خاتمہ کی بھی خبر نہ تھی جیسے کفار کا عقیدہ ہے۔ صحیح بخاری کے حاشیہ سندی مین آیت ما ادری ما یفعل بی ولا بکم کے نیچے لکھا ہے کہ علما نے کہا ہے کہ یہہ آیت لیغفر لک اللہ۔ الآیۃ کے پہلے کا معاملہ ہے کہ آپ کو یہ معلوم نہ

۵۳

تہا کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو معلوم نہین کرایا تھا پھر اللہ تعالیٰ کے معلوم کرا دینے سے معلوم ہوگیا اور یہ معنی ہین اس قول کے کہ یہ منسوخ ہے اور حاصل اسکا یہ ہے کہ یہہ خبر دینی ہے ایک چیز کی جو زائل ہوگئی اور یہہ اعتراض کہ خبر منسوخ نہین ہوتی ہیچ پوچ ہے علاوہ یہہ خبر اس قبیل سے ہے جس سے حکم متعلق ہے کہ اس سے پہلی امر قل ما کنت بدعا من الرسل وما ادری - الآیۃ واقع ہی (یعنی تو کہدے مین نیا رسولون سے نہین ہون پس تعلق نسخ کا اس حکم کیو جہہ جائز ہے بغور اسکو سمجھہ لیجئے مطبوعہ مصر کے صفحہ ۹۴ مین دیکھو - اور پہر تفسیر کبیر کی عبارت سے صریح ثابت ہے کہ نسخ اخبار حضرت ابن عباس کا مذہب ہے اور دوسری معتبر تفسیرون سے بت ہے کہ یہی مذہب بعینہ حضرت انس اور قتادہ اور عکرمہ اور حسن اور ضحاک رضی اللہ عنہم کا ہے جیسا کہ جلالین کے حاشیہ جمل مین تفسیر قرطبی سے نقل کرکے لکھتے ہین کہ وما ادری ما یفعل بی ولا بکم کا معاملہ قیامت کا ہے جب یہہ آیت اتری تو مشرکین یہود و منافق سب خوش ہوئے اور بولے ہم ایسے نبی کی اتباع کیا کرین جسکو یہہ معلوم نہین کہ اس سے اور ہمسے کیا کیا جائیگا اور بیشک اسکو ہمپر کچھہ فضیلت نہین ہے اور اگر یہہ خدا کی طرف سے نبی ہوتا تو خدا اسکو خبر دیدیتا جو اس سے ہوناتھا تب آیت لیغفر لک اللہ - الآیۃ نازل ہوئی اور وہ آیت منسوخ ہوگئی اور کافر نگونسار ہوئے صحابہ نے عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ کو مبارک ہو جو کچھہ آپ سے ہوناتھا وہ تو خدا نے بیان کردیا کاش ہمین بھی معلوم ہوجائے کہ ہم سے کیا ہوگا پس یہہ آیت کہ اللہ تعالیٰ لیدخل المومنین والمومنات جنت تجری من تحتہا الانہر الآیۃ یعنی مومن مرد و عورتون کو بہشتون مین داخل کردیگا جنکی درختون

کے تلے نہرین جاری ہین اور یہہ آیت ولبشر المؤمنین بان لھم من اللہ فضلا یعنی کہ خوشخبری دے مومنون کو کہ اُن کے لئے خدا کی طرف سے بڑا فضل ہے نازل ہوئی یہہ حضرت انس اور ابن عباس اور قتادہ اور حسن اور عکرمہ اور ضحاک کا قول ہے یہہ ترجمہ ہے عبارت جمل کا مطبوعہ مصر کی چوتھی جلد کے صفحہ ۱۳۸ سے اب تفسیر قرطبی کی تعریف کشف الظنون سے سنیئے کہ یہہ تفسیر حدیث اور آیات قرآنی پر مشتمل ہے شیخ امام ابو عبد اللہ محمد بن احمد بن ابوبکر فرح انصاری خزرجی قرطبی مالکی متوفی ۶۷۱ سنہ ع کی ہے اور یہہ کتاب معتبر تفسیر قرطبی سے مشہور ہے۔ کئی جلدون ہین۔ اہ۔ علامہ خطیب شربینی کی تفسیر مین ہے کہ قول نسخ حضرت ابن عباس اور انس اور حسن اور عکرمہ سے مروی ہے چوتھی جلد کے صفحہ مین دیکھو امام جلال الدین سیوطی تفسیر دُر منثور مین لکھتے ہین کہ روایت کی ابن جریر اور ابن المنذر اور ابن ابی حاتم اور ابن مردویہ نے حضرت ابن عباس سے آیت ماکنت بدعا من الرسل یعنی مین نیا رسولون سے نہین ہون وما ادری مایفعل بی ولا بکم اور مین نہین جانتا کہ مجھسے اور تمسے کیا کیا جاویگا تو اللہ تعالی نے بعد اسکے آیت مغفرت نازل کی لیدخل المومنین والمؤمنات۔ الآیۃ۔ اور نیز یہ آیت تاکہ داخل کردیگا مومن مردون کو خدا اور عورتون کو بہشتون مین آخر آیت تک پس حق تعالی نے جو کچھہ اپنے نبی اور مومنون سے کرنا تھا معلوم کرادیا اور ابوداؤد نے ناسخ مین طریقہ عکرمہ ابن عباس سے سورۃ الاحقاف مین روایت کی ہے کہ آیت وما ادری۔ الآیۃ کو آیت مغفرت سورۂ فتح نے منسوخ کردیا تب آپ نے لوگون کو سنایا کہ میرا خدا نے سب کچھہ بخشدیا تو ایک مسلمان نے عرض کی مبارک ہو آپ کو یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

اٰپ کا حال تو اب ہمکو معلوم ہو گیا پس ہم سے کیا کیا جائیگا تب حق تعالیٰ نے سورۂ احزاب مین کی آیت اتاری کہ خوشخبری دی مومنون کو کہ بیشک ان کے لئے خدا سے بہت فضل ہے اور نیز یہہ آیت لیدخل الخ۔ کہ اللہ تعالیٰ داخل کریگا مومن مرد اور عورتون کو بہشتون مین جن کے درختون کے نیچے نہرین جاری ہین ان مین ہمیشہ رہینگے اور خدا ان کے سب گناہ بخش دیگا پس اللہ تعالیٰ نے اٰپ سے اور مومنون سے جو ہونا تھا سو بیان فرمایا اور روایت کی عبد بن حمید نے حسن سے کہا جب اتری آیت وما ادری الخ۔ تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کچھہ زمانہ خوف مین رہے پس جب آیت انا فتحنا لک فتحاً مبینا مغفرت کے حال کی اتری تب بھی آپ عبادت مین کوشش کرتے رہے کسی نے عرض کی کہ آپ اپنے آپ کو تکلیف مین ڈالتے ہین حالانکہ خدا نے آپ کا سب کچھہ بخشدیا ہے تو آپ نے جواب دیا کیا مین خدا کا شکر گذار بندہ نہ بنون اور ابن جریر نے قتادہ سے روایت کی کہ اول آپ کو معلوم نہ تھا پھر خدا نے آپ سے جو کچھہ کرنا تھا معلوم کرا دیا سورہ فتح کی آیت بخشش اول آخر سے یہہ ترجمہ ہے بقدر حاجت روایات تفسیر درمنثور کا اب تفسیر ابن جریر کی تعریف سنو کہ اتقان فی علوم القرآن مین مفسرین طبقہ تابعین اور ان سے پچھلون کا لکھتے ہین ابن جریر طبری اور اسکی کتاب بزرگترین معظم ترین تفاسیر سے ہے پھر کہا اگر تو کہے کہ کونسی تفسیر کی طرف آپ ہمین ہدایت کرتے ہین اور حکم کرتے ہین کہ اسپر اعتبار کیا جائے مین کہتا ہون تفسیر امام ابی جعفر ابن جریر طبری کی وہ ہے جسپر علماء معتبر کا اتفاق ہے کہ اسکی مانند کوئی تفسیر نہین بنی امام نووی نے کہا ابن جریر کی کتاب تفسیر مین کسی نے اسکی مانند تصنیف نہین کی یہہ ترجمہ ہے تفسیر اتقان

کی عبارت کا پس اب جواب تفصیلی والی عوذ کرین کہ جو قول صحیح حدیثوں سے مستند ہو اور صحابہ اور تابعین سے جو اکابر مفسرین تھے ان کا مختار ہو اور نہایت معتبر تفسیر وہ ہین اسپر بہت اعتماد کیا گیا ہو تو ایسا قول تفسیر کبیر کے ضعیف کر دینے سے کیونکر ضعیف ہو سکتا ہے جیسا کے حق ہین جو اتقان مین لکھا ہے وہ علما کو معلوم ہے پس یہ قول ہرگز ضعیف نہین ہو سکتا بلکہ تفسیر تو نام ہے اسی قول کا جو مستند ہو صحیح حدیثون اور صریح روایتون سے اور اسکے مخالف قول کا تو کچھ اعتبار ہی نہین دانشمندون کے نزدیک پس آپ صاحب براہین اور انکے حواریین سے پوچھنا چاہیئے کہ آپ کی دیانت یہی ہے کہ جو بات صحیح حدیثون اور اقوال ثقات سے ثابت ہو اسکی تغلیط کرنی مگر ان سے یوچھو کی کیا ثابت ہے کہ یہہ تو حق تعالی کے امکان کذب اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے برابری اور برادری کے مدعی اور آپ کے علم کو شیطان لعین کے علم سے کم جانتے ہین خدا ہی ان سے پناہ دے اور لکھا ہے مولانا شاہ ولی اللہ محدث دہلوی نے کہ حدیث واللہ ما ادری وانا رسول اللہ کا حال بھی مثل آیت سورہ احقاف کے ہے زیادہ تفصیل کتاب تقدیس الوکیل عن توہین الرشید والخلیل مولفہ حضرت عارف نوری ہادینا و مرشدنا مولینا مولوی غلام دستگیر قصوری قدس سرہ العزیز مین موجود ہے اور معلوم رہے کہ مولانا قاری نے حدیث مشکوۃ جسمین آپ کے عالم ما فی السموات والارض کا ذکر ہے آپ کی بیان وسعت علمی تحت الثری سے اعلی العلی تک جسکا ذکر اوپر ہو چکا ہے اسکے بعد لکھا ہے کہ اس قید سے جو ہمنے ذکر کی ناچاری ہے اسلئے کہ اطلاق جمیع کا غیر صحیح ہے چنانچہ ظاہر ہے۔ پھر یہہ قید حدیث جبرئیل کی خبر مذکور مذکور ہے آیت ان اللہ علیم خبیر کے بیان مین کہ اللہ تعالی باطن پر خبردار

٥٧

ہے جیسا کہ ظاہر ہے یا معنی یہہ ہوں کہ حق تعالیٰ بعض جزئیات ان پانچ علموں پر اپنے بعضی مخلص بندوں کو خبردار کر دیتا ہے اور قرآن مجید کے کئی مقاموں نے بھی خبر دی ہے کہ علم قیامت کا ان چیزوں سے ہے جو خدا سے خاص ہیں۔ اھ۔ اسیطرح مولانا شیخ احمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے اسی مفاتیح الغیب کے مسئلہ کو مفصلاً و مستنداً ساتھ روایات معتبرہ کے اپنی کتاب نجوم الشہابیہ رجوم للوہابیہ کے صفحہ ۲۹ میں کیسی عمدہ طور سے ثابت کیا ہے فی الحقیقت حضرت کے عالم الغیب اور آگاہ ہونے ان پانچ علموں پر ذیل کی نظم (جو کتاب مذکورہ بالا میں ہے) صادق آتی ہے۔

بقیہ عبارت تقدیس الوکیل کی صفحہ ۶۰ کی ۱۷ سطر سے شروع ہے

غیب اسم چیست مستور است و مخفی از نظر
غیب بر دو قسم آمد غیب مطلق زان یکی
نیست مخصوص خدا اسم این غیب آمدہ
یعنی ان نسبت بعضی بندگان غیب است لیک
ہیچو جوع و تشنگی کامد شہادت دائماً
نیست املاک حاضر ہست آن جنات و نار
پنج چیز آمد مفاتیح غیب را اندر بناد
علم فردا علم جائی مرگ ہم این پنج چیز
لیک ختم آیہ در لقمان بخوان لفظ خبیر
ہمچنین تفسیر در مرقاۃ و در شرح حصین
چون بعلم اسم خدا و ذات فضل آمد خبیر
واسطہ اعلام حق وا داشتند آن انبیاء
خوان فلا یظہر علی غیبہ زسر یاتین بین
گفت بیضاوی لسانا دمطالع

از حواس و از دلائل بران رائے برو
ہست آن مخصوص ذات حق تعالیٰ بیشکی
قسم دیگر را اضافی نیز بے ریب آمدہ
نسبت بعضی شہادت کہ ہمید اندنیک
نزد انسان لیک غیب آمد بہ املاک سما
نسبت یومنون بالغیب گفتا کردگار
علم ساعۃ غیث و ما فی الارحام نساء
خاصہ کز ذات خدا و آن علم آن ہم باتمیز
ہست مخبر انبیاء و اولیاء را آن قائل
نیز در تفسیر احمدی کردہ از رائے رزین
بعضے آن بیدع است و مخبر را روشن ضمیر
تابع ایشان ہست اندر خرق عادت اولیاء
میکند بر غیب خاص خویش واقف مرسلین
جز بہر آنکو رالپسندیدہ زاہل اختصاص

هر علم بعض آن غیبی که مخصوص وی است
گفته آمد ز احمدی که مراد حق از غیب خاص
کرده قید بعض بیضاوی برائے احتراز
در مواهب هم به المنوفج ذکر شرح الصدور
اطلاعش داد بر انجمله رب العالمین
آنچه وارد گشته از صدیقه ام مومنان
که همی دانند نبی آنچ چیز از علم غیب
پس مراد او به استقلال جز رب ودود
گفت علامه خفاجی اندران شرح شفا
هست منفی علم غیر حق لغیر واسطه
آن سیوطی در خصائص این خبر آورده است
که فلان جا در فلان آن باد و باران عام
منتظر ماندند تا زان جا بگاه آمد خبر
معترف گشتند نزد سروران اهل نفاق
بونعیم از ابن عباس این خبر آورده است
نزد پیغمبر بماندم گفت آن خیر البشر
چون بزاید نزد من او را بیاور آن زمان
خوانداذان در اذن یمنی و اقامت در دگر
نامش عبدالله نهاد و شد همشه بعد ازین
مسلم از عمرو ابن اخطب این روایت کرده گفت
بر سر منبر نشسته همچنان تا ظهر ماند
پس ز منبر برنشست و خواند تا وقت نماز
بر سر منبر نشسته تا غروب شمس باز

وان پسندیده رسول است و ولی تبع وی است
آن غیوب خمسه در آیه گرفته اختصاص
از قیامت اطلاعش نیست کس را از اهل راز
گفته بوده مطلع بر پنج آن صدر الصدور
لیک کردش امر کتمان عن زمان یوم دین
که بفرموده هر آنکو کرد اخبار و بیان
افترا محض و اعظم گفت او بیشک و ریب
نیست علم خمس او را تا به تعلیمش نمود
قول حق لا یعلم الغیب بقرآن بیخطا
اطلاع بر آن به اعلام خدادان ضابطه
که رسول الله روزی این خبر فرموده است
از منافقها جماعت زو شنیده این کلام
که ببارید فلانی روز در آن جا مطر
زاد کم ایمان خبرے گفت یا اهل الشقاق
زیاده کند حق تعالی ایمان شما را و اعتقاد خبر مرا ۱۲
زوجه عباس ام الفضل روزی آمد است
شاد شد ای عامریه در رحم داری پسر
چون تولد شد ببردش نزد شاه انس و جان
پس بخوشاند او را ریق خود شهد و شکر
اذان به ام فضل که ابو الخلفاست این
که پیمبر فجر روزی خوانده در وعظ سفت
پس فرود آمد ز منبر ظهر را با ما بخواند
پس ز منبر باز آمد عصر خواند او بیان
مخبر صادق شده مخبر درین خطبه چنان

۵۹

ہرچہ گاہمن ہست تاروز قیامت در روح
گفت ام المومنین میمونہ را کہ مرگ تو
بیہقی ابن ابی شیبہ روایت کردہ اند
گفت چون میمونہ در مکہ زعلت ثقل یافت
وانکہ در مکہ نمیرم کہ خبر خیر الورے
پس شد وارد نداو را زیر شجرۂ در سرف
نذرا یجاب مباحی بر خود آمد از عباد
خواہ موافق قصد دل باشد یا لفظ زبان
چون نکاح و چون طلاق و عتق اندر سر او خود
گر ارادہ کرد از دل روزۂ یک روز را
لیک بر دو نوع آمد آن کلامی کہ ازان
لفظ نذر و صیغۂ نذر است موجب اندر ان
یعنی انہ بہر خدا بر نفس من این لازم است
خاص و موضوع است بہر نذر در شرع منیر

آمد آگہ آن علیم السر زقصہ سلیم
ہست اندر سرف کان جامۂ زفاف او بر
تا یزید بن الاصم اسناد خود را بردہ از
گفت بکشیدم زمکہ کہ دلم زانروی نیست
مر مرا دادہ نمیرم من در این ام القرےٰ
یافتہ بد زیر آن در زفاف سر و را و قبر
آن بلفظ از زبان کافیست بہر انعقاد
یا مخالف نذر واجب میشود اندر زبان
نذر واجب میشود بے قصد گردد منعقد
بر زبانش صوم ماہ آمد بود لازم ورا
نذر واجب میشود یعنی حقیقت یا مجاز
صیغۂ نذر است للّٰہ علی ای جوان
در لزوم نذر این صیغہ حقیقت یا مجاز است
غیر موقوف است بر نیت بآن قلب لطیف

جب مذکورہ بالا مضمون سے ثابت ہوا کہ سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کو علم غیب خداوند تعالیٰ نے خاص طور پر عطا فرمایا تو اسکی تائید کے لئے فقیر نے یون تاویل کی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم قیامت کے دن کے بیان کرنے سے منع کئے گئے تھے تو یہہ علم حقتعالیٰ سے مخصوص ہو گیا اور اسکی دلیل فقیر کے دل مین یہہ القا ہوئی کہ سورہ جن مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے قریب کے بعد قیامت کے معلوم نہ ہونے کے بعد فرمایا کہ خدا غیب دان ہے پس اپنے خاص غیب پر کسی کو غالب نہین کرتا مگر رسول پسندیدہ کو تو مراد غیب سے غیب مطلق مخصوص باریتعالیٰ ہے جسمین علم قیامت بھی درج ہے پس جب رسول پسندیدہ مستثنےٰ ہوئے اور غیب مخصوص پر انکا غلبہ منصوص

دم الحسین ف اصحابہ لم ازل التقطہ منذ الیوم فاحصیہ ذلک الیوم فوجد قتل الحسین ذلک الیوم واخرج الحاکم والبیہقی عن ام سلمۃ قال رأیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی المنام وعلی راسہ ولحیتہ فقلت ما لک یا رسول اللہ

فقلت ما ہذا قال دم الحسین واصحابہ لم ازل التقطہ منذ الیوم ... عن ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال رأیت النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی النوم ذات یوم بنصف النہار اشعث اغبر بیدہ قارورۃ فیہا دم ...

قرآن میں گیا اور اس سے متحقق ہوا کہ آپ کو علم قیامت بھی دیا گیا ہے
صحیح بخاری مطبوعہ احمدی کے صفحہ ۱۸۱ میں ہے کہ قیامت کا وقت سوا خدا کی
کوئی نہیں جانتا اور اسکی شرح قسطلانی میں لکھا ہے مگر رسول پسندیدہ
پس وہ مطلع ہوتا ہے غیب پر جسقدر خدا چاہتا ہے اور ولی تابع رسول
رسول سے لیتا ہے۔ اور ستر چکا اور محدث دہلوی کی مدارج النبوۃ سے اوپر
مذکور ہو چکا ہے کہ آپ کو ایک قسم کا علم دیا گیا ہے اور اسکی چھپانے پر
آپ مامور تھے اور جو حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے قول
میں لکھا گیا ہے کہ ان پانچ چیزوں کو کوئی سوا خدا کے نہیں جانتا تھا
تو مراد اس سے علم استقلالی کی نفی ہے اس لئے کہ بیشک ان پانچ
چیزوں اور دوسرے غیب کی باتوں کو خود بخود کوئی نہیں جانتا ہے ورنہ
بتعلیم الٰہی نبیوں اور ولیوں کو غیب پر اطلاع قرآن وحدیث واجماع سے
ثابت ہے پس اس صورت میں مکذبین کا یہہ قول ہے کہ فقیر خدا ورسول
اور صحابہ اور مفسرین اور فقہا ومحدثین پر طعن کرتا ہے یہہ الفاظ
کے نرے صرف افترا ہے پھر جب فقیر شعبان ۱۳۰۵ھ میں مکہ معظمہ
میں بیت اللہ شریف کی زیارت سے مشرف ہوا اور پادشاہی کتب خانہ
سے امام ابو منصور ماتریدی کی تاویلات کو مطالعہ کیا تو آیت مفاتیح الغیب
کے نیچے لکھا پایا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم انکو جانتے ہیں مگر علم قیامت
کا کہ اسپر کوئی مطلع نہیں ہے مگر یوں کہا جائے کہ آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم کو اسمیں بیان کرنیکا اذن نہ تھا اور نہ کوئی بات بیان کرتے
تھے مگر وحی سے یہہ ترجمہ ہے عبارت تاویلات کا جو مع کلام ابتدا کے
کی اوپر منقول ہو چکا ہے اور کشف الظنون میں ہے کہ تاویلات اہل السنت
امام ابو منصور محمد بن محمد ماتریدی حنفی جنکی وفات ۳۳۳ھ میں ہوئی
شیخ عبد القادر جواہر مضیئہ میں کہتے ہیں کہ یہہ کتاب ایسی ہے جسکے برابر

بلکہ اسکے قریب پہلی مصنفات اس فن مین سے نہین ہے - اھ - اور
شرح مقاصد مین درج ہے کہ ابو منصور ماتریدی شاگرد ابو نصر عباس کا
وہ شاگرد ابو بکر جرجانی دوست ابی سلیمان جرجانی کا وہ شاگرد امام محمد بن
حسن شیبانی کا ہے اللہ تعالی ان سب پر رحمت کرے پھر فقیر نے اسی شاہی
کتب خانہ مین امام المحدثین خاتمۃ المجتہدین عبد الرحمن ابو الفضل
جلال الدین سیوطی علیہ الرحمۃ کا رسالہ انموذج اللبیب فی خصائص الحبیب
دیکھا اور اس کے پہلی فصل باب اول مین یہ مسئلہ پایا کہ آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم کو ہر چیز کا علم دیا گیا ہے مگر پانچ چیز جو آیۃ ان اللہ عندہ
علم الساعۃ مین ہین اور بعضون نے کہا ہے کہ آپ کو ان پانچ چیز کا
علم بھی دیا گیا ہے اور اسکی چھپانے پر مامور تھے اور ایسا ہی روح مین اختلاف
ہے اور آپ کے واسطے امر دجال مین ایسا بیان کیا گیا ہے جو کسی
کے واسطے بیان نہین کیا گیا اور آپ کی حیات مبارک مین وعدہ
بخشش کا ہو چکا تھا ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہین اللہ تعالی نے کسی
کو اپنی مخلوقات سے نڈر نہین کیا ہے مگر محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو جو آپ کے
حق مین فرمایا کہ آپ کا اللہ تعالی نے سب کچھ بخشدیا اور فرشتون کو فرمایا اور
جو کہیگا انّی کہ مین خدا ہون اللہ کے سوا پس وہ شخص ہم بدلہ دینگے دوزخ - عمر
رضی اللہ تعالی عنہ نے کہا کہ بخدا کوئی نہین جانتا کہ اس سے کیا ہوگا مگر
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جنکا احوال ہم کو بھی ظاہر ہو گیا ہے کہ اللہ تعالی
نے اُن کی اگلی پچھلی لغزشین بخشدین ہین اس حدیث کو حاکم نے اخراج
کیا ہے اور آپ کا ذکر خیر اونچا کیا ہے پس حق تعالی کا ذکر اذان و تشہد
و خطبہ مین جو آتا ہے تو آپ بھی وہان مذکور ہوتے ہین اور آپ پر آپ
کی ساری امت عرض کی گئی تاکہ آپ نے اُن کو دیکھ لیا اور قیامت تک
آپ کی امت مین جو ہونا تھا وہ بھی آپ پر ظاہر کیا گیا - اسقدر آیتین نے کہا

اور آپ پر ساری مخلوقات ظاہر کی گئی حضرت آدم کے وقت سے پیچھے
تک اور آپ علم دئے گئے جیسا کہ حضرت آدم کو ہر چیز کی نامون کا علم دیا
گیا تھا حالانکہ آپ حضرت آدم کے سردار اور ساری مخلوقات سے خدا
کے نزدیک بہت بزرگ ہین پس آپ رسولوں اور مقرب فرشتوں
سے افضل ہین اور تمام جہانوں سے فراست مین زائد ہین ابن
سراقہ نے یہہ خصائص ذکر کئے ہین یہہ ترجمہ ہے عبارت المنوذج کا اور اسی
کتاب کے اخیر لکھا ہے کہ یہہ ۹۸۹ سنہ مین نسخہ داودی شاگرد امام سیوطی
سے جو مولف کے خط سے منقول ہے لکھی گئی اور اسمین ایک ہزار ایک
بارہ خصائص ہین اور صاحب کشف الظنون لکھتا ہے۔ خصائص نبویہ
شیخ جلال الدین عبد الرحمن بن ابوبکر سیوطی متوفی ۹۱۱ سنہ کی تالیف
ہے جسکی ابتدا مین یہہ ہے کہ سب تعریف خدا کی لئے ہے جسنے آسمان
نبوت مین چڑھایا - الخ - مؤلف نے اسمین ذکر کیا ہے کہ ان خصائص
کی بیس برس تک جستجو کی ایک ہزار سے زائد ہوگئے ہین پہر اسکا اختصار
کرکے المنوذج اللبیب فی خصائص الحبیب نام رکہا واضح ہی کہ ان کے
بعض ہمعصرون نے اس کتاب کو لیکر اپنی طرف منسوب کردیا تو امام سیوطی
نے ایک رسالہ بنام فارق بین المصنف والسارق لکھا پہر شیخ
عبد الوہاب بن احمد شعرانی نے جسکی وفات ۹۷۲ سنہ مین ہوئی ہے اس
المنوذج کا اختصار کیا اور المنوذج کی دو شرحین ہین بڑی اور چھوٹی تصنیف
عبد الرحمن مناوی کی جسکا اوپر ذکر گذرا ہی - یہہ ترجمہ ہی عبارت کشف
الظنون کا صفحہ ۲۵۵ سے پس فقیر کا یہہ قول آیت شریفہ سورہ جن
اور صحیح حدیثون اور دوسری روایات کتب دینیہ کی دلیل سے ثابت
ہے جو آپ کے عموم علوم پر دال ہین اور ان دونو امامون کی تصریح سے پہلا
ان کا امام ہی جمیع اہلسنت حنفیون کا علم عقائد اسلامیہ مین اور علم فقہ میر

استاذون کا استاذ ہے۔ دوسرا وہ ہے جسکو علامہ قاری مرقات وغیرہ
مین بارہا شیخ المشائخ وغیرہ القاب سے تصریح کرتے ہین۔ رہی وہ آیات
مستند مکذبین کی جنکا ابتداء یسئلونک عن الساعۃ اور وما
یدریک لعل الساعۃ اور وما ادریک ما الحاقۃ اور وما ادریک
ما القارعۃ ہے اور امام رازی اور مفتی ابو السعود کا قول کہ قیامت کا علم
کسی کو نہین دیا گیا ہے تو ان کا جواب یہہ ہے کہ یہہ تمام آیات مکہ معظمہ
مین سورۂ جن کے نزول سے پہلے کی اتری ہوئی ہین اور سورۂ جن
گیارہوین برس کی اخیر تک اتری ہے جیسا کہ تفسیر عزیزی مین اسپر
تصریح ہے اسیواسطے جلالین حاشیہ جمل مین لکھا ہے اور ممکن ہے کہ
نفی علم غیب کی اللہ تعالی نے آپ کو غیب پر مطلع کرنے سے پہلے
کی ہو پس جب حق تعالی نے آپ کو غیب پر مطلع کر دیا تو آپ نے اس
کی خبر دیدی جیسا کہ قرآن مجید مین ہے فلا یظہر علی غیبہ احدا
الا من ارتضی من رسول یعنی خدا کسی کو اپنے غیب پر غالب
نہین کرتا مگر رسول پسندیدہ کو۔ اھ۔ جیسا کہ اوپر یہہ عبارت معہ
بقیہ عبارت کے ترجمہ کی گئی ہے اور ایسا ہی تفسیر روح البیان مین
ہے اس کو یاد رکھئے اور سنئے کہ اگر ہم تسلیم کر لین کہ قیامت کا علم حقتعالی
کے مخصوص علمون سے ہے۔ کسی کو دیا نہین گیا۔ جیسا کہ مفسرین
کی ایک جماعت کی کلام سے ظاہر ہے تاہم ہمارے مدعا کے برخلاف
نہین ہے کیونکہ کل سے بعض کا نکل جانا منافی کلیت کا نہین ہے
اور اکثر کو حکم کل ہوتا ہے پس اسی صورت مین بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ
وسلم کی وسعت علمی اور کثرت معلومات بہ نسبت شیطان مردود کے
ضرور ہی ثابت ہوگی بفضلہ تعالی ہمارا مدعا ثابت ہوگیا۔ اب وہابیون
مجددین کا محمد بن عبد الوہاب نجدی سے ہمعقیدہ ہونا اور اسی نجدی کی مسلک

قال النجدي ممن قال یا رسول الله اسئلك الشفاعة
یا محمد ادع الله في قضاء حاجتي یا محمد اسئلك الله بك
واتوجه الى الله وكل من كان ناداه من بعيد فقد اشرك
شركا اكبر فانه من اعتقد ان محمدا يعلم ويطلع على دعائه
ونداءه من بعيد كما عن قريب وهل هذا الا شرك
وقد اضل الله تعالى على هذا بقوله ومن اضل ممن
يدعوا من دون الله من لا يستجيب له الى يوم
القيامة وهم عن دعائهم غفلون وبقوله تعالى الهم
ايدي يبطشون بها ام لهم ارجل يمشون بها ام لهم
اذان يسمعون بها ام لهم اعين يبصرون بها وعن
عايشة انها قالت من اخبرك ان محمدا يعلم الخمس
التي قال الله تعالى ان الله عنده علم الساعة - الاية
فقد اعظم الفرية عن النبي صلعم والله ما ادري وانا
رسول الله ما يفعل بي ولا بكم فهذا الحديث صريح في انه
كان لا يعلم امر خاتمته في حال حياته فكيف تعلم حال
امته بعد مماته - قال الهندي فرمایا اللہ تعالیٰ نے یعنی
سورۂ احقاف مین اور کون زیادہ گمراہ ہوگا اس شخص سے کہ پکارتا ہے
ورے اللہ کے ان لوگون کو کہ نہ قبول کرینگے اسکی پکار دن قیامت تک اور وہ انکی
پکار سے غافل ہین ف اس آیت سے معلوم ہوا کہ یہ جو بعضے لوگ انکی بزرگون
کو دور دور سے پکارتے ہین اور اتنا ہی کہتے ہیں کہ یا حضرت تم اللہ کی جناب مین
دعا کرو کہ وہ اپنی قدرت سے ہماری حاجت روا کرے اور پھر یون سمجھتے
ہین کہ ہمنے شرک نہین کیا اسواسطے کہ انسے حاجت نہین مانگی بلکہ دعا
کروائی ہے سو یہ بات غلط ہے اسواسطے کہ گو اس مانگنے کی راہ سے

شرک نہین ثابت ہوتا لیکن پکارنے کی راہ سے ثابت ہوجاتا ہے کہ ان کو ایسا سمجھا کہ دور سے اور نزدیک سے برابر سنتے ہین ترجمہ مشکوٰۃ باب رویت اللہ عز وجل مین لکھا ہے کہ بخاری نے ذکر کیا کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا کہ جو کوئی خبر دے تجکو کہ حضرت پیغمبر خدا جانتے تھے وہ پانچون باتین کہ سورہ لقمان کی آخر مین مذکور ہین سو بیشک بڑا طوفان باندھا ترجمہ

حدیث دوم مشکوٰۃ باب البکا والخوف مین لکھا ہے کہ بخاری نے نقل کیا کہ ذکر کیا ام المومنین نے کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے قسم کھائی کہ نہین جانتا مین اور پھر قسم اللہ کی ہے کہ نہین جانتا مین حالانکہ مین رسول اللہ کا ہون کیسا معاملہ ہوگا مجھسے اور کیسا تم سے یعنی جو کچھ کہ اللہ اپنے بندون سے معاملہ کریگا خواہ دنیا خواہ قبر مین خواہ آخرت مین سو حقیقت کسی کو معلوم نہین نہ نبی کو نہ ولی کو نہ اپنا حال نہ دوسرون کا اس حدیث سے معلوم ہوا کہ کسی انبیا و اولیا و امام و شہید ان کی جناب مین ہرگز یہ عقیدہ نہ رکھے کہ وہ غیب کی باتین جانتے ہین بلکہ حضرت پیغمبر کی جناب مین بھی یہ عقیدہ نہ رکھے اور نہ انکی تعریف مین ایسی بات کہے اور جو کوئی دعوی کرے کہ میرے پاس کچھ ایسا علم ہے کہ جب مین چاہون اس سے غیب کی بات معلوم کرون اور آئندہ باتون کا معلوم کرلینا میرے قابو مین ہے سو وہ بڑا جھوٹھا ہے کہ دعوی خدائی کا رکھتا ہے سو جو کوئی کسی نبی و ولی کو یا جن و فرشتہ کو امام و امام زادے کو یا پیر و شہید کو یا نجومی و رمال یا جفار کو یا فال دیکھنے والون کو یا برہمن اسی کو یا بھوت و پری کو ایسا جانے اور اسکے حق مین یہ عقیدہ رکھے سو وہ مشرک ہوجاتا ہے۔ **تقویت الایمان** ص ۲۰ و ۲۱

الی قولہ ہر کسی کا بالخصوص نہین جانتے تو اور چیزین کہ آدمی مین چھپی ہوتی ہین جیسے خیالات اور ارادے اور نیتین اور ایمان و نفاق وہ کیونکر جان سکین اسی طرح جب کوئی اپنا حال نہین جانتا تو کہ کیا کریگا تو اور کسی کا

کیونکر جان سکی اور جب اپنے مرنے کی جگہ نہیں جانتا تو اور کسی کے مرنے
کی جگہ یا وقت کیونکر جان سکی صـ ۲۲ ۔ آگے قولہ مجکو نہ کچھ قدرت ہے نہ غیب
دانی میری قدرت کا تو یہہ حال ہے کہ اپنی جان کے نفع اور نقصان تک
کا بھی مالک نہیں ہوں تو دوسرے کا تو کیا کر سکوں ۔ کشف اور استجابت
کے مدعی بھی اسی شرک میں داخل ہیں صـ ۵۳ فاروقی ۔ قال الفجائی

تفسیر محمدی منزل ۶ صـ ۱۹۳

تے کون وڈا گمراہ جو بن اللہ باجھ پکارے
تے اوہ پکار اونھاندیوں غافل ہرگز خبر نہ کائی
تے جدوں اٹھائے جاسن لوگ اوہ دشمن ہوسن
اوہ بت ہوون یا نبی ولی اونھاں نوں خبر نہ کائی

جو قیامت تیک جواب نہ دیوے اس اگے جھک مارے
پیر فقیر تے بت ہر شے من دون اللہ جو آئی
تے پوجا کنوں اونھاندیوں منکر اوہ معبود بنائے
تے شرک کانویں اوہ دشمن ہوسن آکھیا آیا

زینت الاسلام صـ ۲۸

اوہ جنہاں پکارن سنن نہ ہرگز روز قیامت تائیں
اوہ روز حشر دے دشمن ہوسن کافر انہاں تائیں
جو اساں نوں کتھے آکھیا منگو اساں تھیں اول
وچہ سورت لقمان ایہ آیت ویکھو رب فرمایا
تے جد جاوے اوہ مینہ برساوے ہور نہ جانے کوئی
تے ایہہ بھی ہرگز کسے نہ معلم کل کیہہ کم کریسی
وچہ بخاری کہیا پیغمبر میوں قسم اٹھائے
نال قرآن حدیث دلیلاں قطعی ثابت ہوئی

نہ خبر پکار جواب دیون جے سو گر دعا کرن
تنہاں نوں جا کنوں منکر ہوسن کہ بنن پلیدیں ان
یا منت نذر اساڈی اونہاں شرک کرو بنیاد
جو علم قیامت پاس اللہ دے ہور کسے نہ آیا
تے حل حقیقت اللہ معلم ہور کسی نہ کوئی
تے ایہہ بھی سوال نہ جانے کوئی کہڑی جاگہ مرسی
میں نبی اللہ دا غیب نہ جاناں کیا کجھ ہوسی کل نوں
جو اللہ باجھوں ہر پیغمبر غیب نہ جانے کوئی

الجواب اب سنا چاہئے اگرچہ دلائل باثبات علم غیب بتعلیم الہی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور اولیاء اللہ کے بارہ میں مفصل مذکور ہو چکی ہیں تاہم مولوی

اسماعیل ہی کی تصنیف سے حوالہ دندان شکن دیکر مسئلہ مذکورہ ختم کیا جاتا ہے
ہندی صاحب صراط مستقیم کے صے ۱۱ مین لکھتے ہین باید دانست کہ برائے
کشف وقائع آئندہ اکابر اسطریقہ طرق متعددہ نوشتہ اند واولی احسن انست
الخ۔ جس سے بخوبی معلوم ہوا کہ جب کوئی شخص زمانہ مستقبل کی بات معلوم
کرنا چاہے تو اوسکے لئے بزرگون نے کئی طریقے فرمائے ہین اور اوس سے
بہتر یہ ہے پس ثابت ہوا کہ جب کوئی چاہے وقائع آئندہ یعنی آئندہ کے معاملہ
کو معلوم کرتا۔ تو ایسا کرے جس سے خوب معلوم ہوا کہ آئندہ کی بات کرنی بزرگون
کے اختیار مین ہوتی ہے اور یاد رہے کہ اسکو خاصہ الہی قرار دینا سراسر گمراہی
ہے اسواسطے کہ یہ معلوم کرنا ذریعہ اور آلہ سے ہے اور خدا کے واسطے
یہ عقیدہ رکھنا کفر۔ دوم بندگان خدا جب چاہین معلوم کرین۔ وہ بھی کسی
ذریعہ سے اور خدا کے واسطے مخلوقات وغیرہ سب کچھ ہر وقت ہمیشہ حاضر ہے
کبھی پوشیدہ نہین ہوئی جیسا کہ جب ہم اس صورت سے ہستی مین
آئے تھے تو تب ہی اللہ تعالی کے علم مین ویسے ہی حاضر تھے اور جو مولوی
اسماعیل نے تقویت الایمان مطبع فاروقی کے صے ۲ مین لکھتے ہین سو اسی
طرح غیب کا دریافت کرنا اپنے اختیار مین ہو کہ جب چاہین کر لیجئے یہ اللہ
صاحب ہی کی شان ہے کسی ولی و نبی کو جن و فرشتہ کو پیر و شہید
کو امام و امام زادے کو بھوت و پری کو اللہ صاحب نے یہ طاقت نہین
بخشی۔ الخ۔ تخریب الایمان کی عبارت سے معلوم ہوا کہ خدا تعالی
ہمیشہ غیب دان نہین ہے جب کوئی بات غیب کی معلوم کرنی چاہتا
ہے کر لیتا ہے پس معلوم ہوا غیب ذاتی کی صفت خدا تعالی مین کامل
نہین ہے کیونکہ کامل تب ہوتی کہ کوئی چیز کسی لحظہ مین اوس سے غائب
نہ ہوتی اور عقیدہ یہ ہے کہ اوسکے اختیار مین ہے جب چاہتا ہے
کبھی لگا کر دیکھ لیتا ہے جیسے کسی کے قبضہ مین بہت سی خزائن اور اشیا

ہر اقسام کی بھرے ہیں اور اوسکی پاس کنجیاں بھی ہو سکی ہیں مگر ہر چیز اوس کو
یاد نہیں مگر قبضے میں ہے پس جس چیز کو دریافت کرنا چاہتا ہے تو دروازہ
کھول کر معلوم کر لیتا ہے سبحان اللہ نام کے موحد اور مشرکون کے امیر
بھلا صاحب یہ عقیدہ کس کتاب سے منقول ہے اور کس آیت یا حدیث
کا ترجمہ ہے فقیر کہتا ہے کہ علم غیب کی یہ تعریف جو ہندی صاحب نے
کی ہے تو یہ عوام مومنین کو بھی حاصل تھی جیسی خود ہندی صاحب
کتاب صراط مستقیم کے صـ۱۱۷ مجتبائی مطبع مین لکھتی ہیں۔ برای
کشف ارواح و ملائکہ و ملاقات آنہا و سیر امکنہ زمین و آسمان و جنت
و نار و اطلاع بر لوح محفوظ شغل دورہ کنند و طریقش در فصل اول مفصلا مذکور
شد پس باستعانت ہمان شغل بہر مقامیکہ از زمین و آسمان و بہشت و
دوزخ خواہد متوجہ شدہ سیر آن مقام نماید و احوال آنجا دریافت کند و با اہل
آن ملاقات سازد و احیانا گفتگوئی با ایشان میسر می آید و از آئندہ یا
گذشتہ باصلاح و مشورت کاری از کارہائے دینی و دنیوی معلوم می گردد
اور یہ کتاب وہابیوں کے نزدیک بھی معتبر ہے جیسی لکھوی صاحب القول
شیخ کا شرک و حرام ہونا اسی کتاب کے حوالہ سے ثابت کیا ہے دیکھو
زینت الاسلام۔ باقی رہا تصرف اور قدرت اولیا اللہ کی سو وہ بھی آیات
صریحہ اور احادیث صحیحہ سے واضح ہو چکی ہیں اور مولوی اسماعیل ہندی نے
صراط مستقیم کے صـ۱۱۰ مطبع مجتبائی میں لکھتے ہیں کہ وہمچنین اصحاب
این مراتب عالیہ و ارباب این مناصب رفیعہ را میرسد کہ تمامی کلیات را
سوی خود نسبت نمایند مثلاً ایشان را میرسد کہ بگویند کہ از عرش تا فرش
سلطنت ما است پس جب عرش سے فرش تک جو کچھ بندگان خدا ہی کا ہوا
تو پھر اپنی جائداد مین کس دلیل سے قادر اور متصرف نہیں ہو سکتے ہیں یہ کیسا خانہ
ساز انصاف ہے اور نجدی کے قول کے بموجب آپ جب اپنی زندگی مین اپنا

69

خاتمہ معلوم نہ کرسکے تو بعد موت اپنی کے اپنی امت کا احوال کیسی دریافت کرسکتے ہین نعوذ باللہ من ذلک پس اسکا جواب بھی مذکورۃ الصدر ہو چکا ہے اور نجدی نے اس عقیدہ مین تقی الدین بن تیمیہ کی تقلید کی ہے جیسے وہابیون نے محمد نجدی کی تقلید کی ہے عقائد باطلہ مین اور ابن تیمیہ کی کئی بار تردید ہونے کا بیان ہو چکا ہے پھر نجدی نے کہا ہے کہ جو شخص کہے یا رسول اللہ مین سوال کرتا ہون تیری شفاعت کا یا محمد صلی اللہ علیہ وسلم دعا کر خدا تعالی سے میرے لئے میری قضاء حاجت مین یا محمد سوال کرتا ہون اللہ کو تیرے وسیلے سے اور متوجہ ہون خدا کی جناب مین تیرے وسیلہ سے جو کوئی پکارے دور سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو پس تحقیق شرک کیا اوسنے شرک بڑا انتہی یہ ترجمہ اصل عبارت نجدی کا جو اوپر لکھی گئی ہے اور یہی عقیدہ لکھا ہوا کہ دور سے پکارنے سے بندہ مشرک ہو جاتا ہے بلکہ موافق نجدی کے تمام وہابیون کا یہی عقیدہ ہے — **جواب** — فقیر کہتا ہے کہ نجدی نے یہ دین مین افترا اور اختراع کیا ہے کیونکہ یہ فعل یعنی آپ کے وسیلہ سے کوئی حاجت خدا تعالی سے طلب کرنی ماثور ہے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے جیسا کہ محدث عبد الحق دہلوی نے اپنی کتاب جذب القلوب کے باب پندرہ کی فصل دوم مین حدیث صحیح نقل فرمائی ہے یعنی ایک اندھے نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت مین حاضر ہو کر عرض کی کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ دعا کیجئے کہ حق سبحانہ وتعالی مجھے عافیت عنایت فرماوے آپ نے فرمایا کہ اگر تو بصارت چاہتا ہے تو مین تیرے لئے دعا کرون اللہ تعالی تجھے بینا کرے اور اگر اجر آخرت چاہتا ہے تو صبر کر کہ یہ تیری حق مین بہتر ہے اوسنے عرض کیا کہ آپ دعا کیجئے یا رسول اللہ آپ نے فرمایا وضو کر اوسنے وضو کیا فرمایا پڑھ اللہم انی اسئلک واتوجہ

بنبیك محمد نبی الرحمة یا محمد انی توجهت بك الی ربی فی
حاجتی هذه لتقضی لی اللهم شفعه فی - ترمذی - کہتے ہیں حسن
صحیح غریب ہے اور امام بیہقی بھی اسکی تصحیح کرتے ہیں اور آخر میں اس
کے اتنی عبارت اور بھی زیادہ کرتے ہیں فقام وقد ابصر وفی روایة ففعل
الرجل فبرء اور آپ کو شفیع لاتے ہیں خدا کی جناب میں بیشمار آثار و اخبار ہیں
کہ جنکا کوئی حد و حساب ہی نہیں ہے اگر کوئی مردود کہے کہ یہ توسل اور
ندائے آپ سے بحالت حیات تھی اور بعد ممات کے شرک ہے پکارنا آپ
کو دور سے اور توسل پکڑنا پس سننا چاہئیے کہ اسی کتاب کی فصل مذکورہ
بالا میں محدث دہلوی فرماتے ہیں تیسرا موطن یعنی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم
کی جناب کے ساتھ توسل کرنا اور آپ کو شفیع لانا بعد آپ کے رحلت فرمانے
کے تو اسمیں بھی بہت سے آثار ہیں چنانچہ طبرانی معجم کبیر میں حضرت
عثمان بن حنیف سے روایت لائے ہیں کہ ایک شخص کو حضرت عثمان بن عفان
رضی اللہ تعالی عنہ کے پاس کوئی حاجت تھی اور روانہ ہوتی تھی اور حضرت
بن عفان رضی اللہ تعالی عنہ کو اس شخص کی طرف اصلا التفات نہ تھی
تو وہ شخص حضرت عثمان بن حنیف کے پاس آیا اور اُس نے اُس
حاجت روا ہونے کی تدبیر پوچھی انہوں نے کہا کہ تو وضو کر کے مسجد
میں جا اور دو رکعت نماز پڑھ اور کہہ اللهم انی اسئلك واتوجه الیك
الی ربی یا محمد انی اتوجه بك الی ربی لتقضی حاجتی الخ اور بعد
اس کے اپنی حاجت عرض کر اوس نے اسی طرح عمل کیا اور حضرت عثمان
کے در دولت پر گیا دربان نے آگے بڑھ کر لیا اور بتعظیم و تکریم اندر لے
گیا تو حضرت مذکور نے اُسکو اپنے فرش خاص پر بٹھا لیا اور پوچھا کہ
تمہاری کیا حاجت ہے ! اُسنے جو حاجت تھی عرض کی آپ نے روا فرمائی
اور فرمایا کہ اس کے بعد جو حاجت تم کو ہوا کرے ہمارے پاس آ یا کرو

ہم فوراً روا کردیا کرینگے پھر اوسنے یہ معاملہ عثمان بن حنیف سے کہا انھوں نے کہا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک اندھے کو یہ دعا فرمائی تھی سو اوسی حدیث پر مینے عمل کرکے تجھکو یہ دعا بتائی ہے ورنہ مینے تیری بابت کوئی سفارش نہیں کی ہے اور ایسا ہی لکھا ہے حصن حصین میں جو ایک حدیث کی کتاب ہے کہ جب کسی کو کوئی حاجت درپیش ہو تو اچھا وضو کرکے دوگانہ نماز ادا کرے بعدہ یہ دعا پڑھے اور حاجت کا نام لیوے اور خود مولوی اسماعیل نے کتاب صراط مستقیم کے صفحہ ۱۳۸ میں لکھا ہے کہ اولیا اللہ شفاعت اور سفارش کرکے حل مشکلات کرانے میں سرگرم ہیں باید کہ در ادائے حقوق انبیا و اولیا بلکہ سائر مومنین در تعظیم ایشان کوشش بلیغ کنند کہ ہمہ ایشان ہائے شافع وے شوند و سعی شفاعت انبیا و اولیا بر ظاہر است اور توسل سے دعا کرنا بھی صراط مستقیم کے صفحہ ۱۱۱ میں جائز لکھا ہے اول طالب را باید کہ با وضو دو زانو بطور نماز بنشیند و فاتحہ بنام اکابر این طریقہ یعنے حضرت خواجہ معین الدین سنجری و حضرت خواجہ بختیار کاکی وغیرہم خواندہ ایجا بجناب حضرت ایزد پاک بتوسط این بزرگان نماید اور بخاری کی کتاب الانبیاء میں حدیث غار سے بھی بخوبی ثابت ہوتا ہے کہ تین شخصوں نے اعمال کے توسل سے نجات پائی تھی اوس غار سے اور حصن حصین میں انبیاء کرام و اولیاء عظام کو توسل کرنا اجابت دعا کیلئے شرط لکھی ہے پس اگر یہ شرک ہوا تو باقی کوئی شخص مسلمان نہیں رہتا نعوذ باللہ من ذلک اور مولوی اسمٰعیل نے رسالہ امامت و خلافت کے صفحہ ۱۰۹ و ۱۱۰ میں لکھا ہے قال اللہ تعالیٰ فی سورۃ مائدہ یا ایہا الذین امنوا اتقوا اللہ وابتغوا الیہ الوسیلۃ اے گروہ مومنان بترسید از خدا و تلاش کنید بسوئے او وسیلہ و مراد از وسیلہ شخصے است کہ اقرب الی اللہ باشد در منزلت - کما قال

اس لفظ کو منحصر کر دیا بہر تقدیر اس پکارنے کو عام کر دیا ہے خواہ کسی نبی یا ولی کو پکارے یا خواہ بتوں کو پس شاید گنگوہی نے اطاعت واطاعت میں تمیز نہیں کی اسیطرح پکارنے کو بلا فرق سمجھ بیٹھے جسطرح نبی صلی اللہ علیہ وسلم وغیرہ کی اطاعت فرض ہے اور کفار کی روا نہیں اسی طرح کفار کو پکارنا بھی منع کیا ہے پس مقبولان خدا کو پکارنا اور یاد کرنا جائز وروا ہے جیسے کہ حصن حصین مطبع محمدی لاہور کے صفحہ ۱۳۵ میں حدیث طبرانی و ابن سنی سے منقول ہے واذا طنت اذنہ فلیذکر النبي صلی اللہ علیہ وسلم ولیصل علیہ الحدیث۔ ترجمہ۔ یعنی جب بولے کان کسی کا پس چاہیئے کہ یاد کرے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اور درود پڑھے اور نیز اور صفحہ ۱۴۲ الحدیث۔ واذا خدرت رجلہ فلیذکر احب الناس الیہ۔ نقل کی یہہ ابن سنی نے موقوفاً اور حدیث یا عباد اللہ اعینونی بھی اسی امر کو ثابت کرتی ہے اور یہ تجربہ ہے محدثین کا اور روایت کیا اس کو اکثر محدثین نے اگر زیادہ دسترس نہ ہو تو اپنے مولوی نور محمد کے شہباز میں دیکھ لو اور شفا شرح قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ معہ شرح ملا علی قاری مطبع مصر صفحہ ۵۰۹ جلد ۲ میں ہے عن ابن عمر رضی اللہ تعالی عنہما خدرت رجلہ عن الحرکۃ وضعفت فقیل لہ اذکر احب الناس الیک یزل عملک بفتح الزاء ای یزل عنک ھذا الانقباض بسبب ما یترتب علی ذکر المحبوب من الانبساط فصاح۔ ای فنادی باعلی صوتہ یا محمداہ بسکون الھاء لندبۃ وکانہ رضی اللہ تعالی عنہ قصد بہ اظہار المحبۃ فی ضمن استغاثۃ فانتشرت الی رجلہ فی الفور۔ اور اسی طرح بلال رضی اللہ عنہ

سے ہی صاف ثابت ہو گیا کہ یدعوا اور دعا ہم سے مراد عبادت ہی ہے اور نیز تفسیر اتقان فی علوم القرآن مین درج ہے کہ لفظ دعا کا قرآن مین چھ معنے سے وارد ہے پہلی عبادت کے معنے مثل ولا تدع من دون الله ما لا ینفعك ولا یضرك - الخ یعنی خدا کے سوا اسکی عبادت نہ کر جو تیرا نقصان نہ کر سکے اور نہ نفع دے سکے جب یقیناً متحقق ہوا کہ اس آیت سے عبادت من دون اللہ کی مراد ہے نہ پکارنا تو اس دلیل سے درود الصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ کے پڑھنے والون کو مشرک و کافر بتانا قرآن محفوظ مین تحریف معنوی کرنا اور ناحق مسلمانون کو کافر کہنا ہے نعوذ باللہ منہا لکن لیس جہان تدعون من دون اللہ یا یدعون یا تدعو قرآن مجید مین وارد ہے وہان ہر جگہ عبادت غیر اللہ کی ہی مراد ہے جس طرح آخر سورہ آیت ان الذین تدعون من دون الله عباد امثالکم یہان ترجمہ شاہ ولی اللہ مین تدعون کے معنے عبادت کے لکھے ہین اور لکھوی نے بھی عبادت ہی کے معنے لکھے ہین مگر عباد امثالکم کے معنے مین حق پوشی کی ہے کہ عباد کے معنے کی تفسیر جو تمام تفسیرون مین مخلوق کے معنے یعنی وہ بت مثل تمہارے ہی خدا تعالی کی پیدائش ہے نہ یہہ معنے کہ وہ انسان ہین مثل تمہاری اور منزل کے صفحہ مین یدعون کے معنے پوجا کرنے و پرستش کے لکھے ہین اور تفسیر محمدی کی منزل ششم صفحہ ۹۰ مین دعا کے معنے یاد کرنے کے لکھے ہین اور منزل کے صفحہ ۹ مین یدعون کے معنے پرستش کے موجود ہین اور فادعوا اللہ کے معنے یاد کرنے کے اسی رکوع مین لکھے ہین اور اسی منزل کے صفحہ ۱۱ مین ادعوا کے معنے دعا مانگنے کے لکھے ہین وقال ربکم ادعونی استجب لکم اور حدیث الدعاء مخ العبادۃ بھی موجود ہے پس اس لفظ کے کئی معنے ہین جیسا تفسیر اتقان فی علوم القرآن سے ثابت ہوتا ہے پس لا مذہبون نے پکارنے کے معنے مین بھی

۷۵

الله فی سورہ بنی اسرائیل اولئک الذین یبتغوا الی ربھم
الوسیلۃ ایھم اقرب واقرب الی اللہ در منزلت اول است بعد از آن
امام کہ نائب اوست۔ انتہی۔ اور سورۂ بقر مین فرمایا اللہ تعالی نے وکانوا
یستفتحون علی الذین کفروا فلما جاءھم ما عرفوا کفروا بہ
فلعنۃ اللہ علی الکافرین۔ کے پہلے پہلے ظہور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم
کے جب کفار سے مغلوب ہوتے تو آپ کے توسل سے خدا تعالی سے
امداد چاہتے اور فتحمند ہوتے تھے پس جب تشریف لائے جنکو
انھون نے پہچان لیا ہوا تھا تو منکر ہو گئے ساتھ اوسکے اور لکھوی نے
ہاروت ماروت کے قصہ مین لکھا ہے کہ ادریس علیہ السلام ان دونون
فرشتون کے بارہ مین سفارش کی جناب الہی مین تو ہاروت ماروت
مختار کئے گئے۔ الخ۔ جس سے بخوبی واضح ہوتا ہے کہ سفارش
بزرگون کی خدا تعالی کی جناب مین مقبول ہوتی ہے۔ نجدی اور
ہندی اور پنجابی وغیرہم نجدیون نے دور سے بہ ندا پکارنے کو شرک
صریح لکھا ہے جیسے اونکی عبارات سے واضح ہو چکا ہے جس سے معلوم
ہوا کہ جو شخص کہے الصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ تو
وہ کافر اور مشرک ہو جاتا ہے اور انکی چیلے چانٹون نے سب درود شریف
کی کفریت مین بڑے زور و شور سے ایک اشتہار شائع کیا تھا جسپر
حضرت جناب ہادینا و مولانا شمس العلما افضل الفضلا مولانا مولوی
غلام دستگیر صاحب قصوری دائم الحضوری نے ان لامذہبان
کی تردید مین ایک رسالہ فیض مقالہ مسمی بہ جواب اشتہار کفریت
درود شریف الصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ تالیف
فرمایا تھا جس مین تکفیر کنندگان لامذہبان کا بعد بحث تقریری و تحریری
کے لاجواب ہونا بخوبی ثابت کیا ہے جو صفحہ ۵ تک تحریر ہے طبع کراکر

شائع کیا اعلا آیت مذکورہ ومن اضل ممن یدعوا الآیۃ کی تحقیق تفاسیر
معتبرہ سے مندرج ہے چنانچہ فرماتے ہیں حامداً ومصلیاً اشتہار مورخہ ۱۲
جولائی ۱۸۹۵ء مطبوعہ فخر الدین پریس میں جو مولوی غلام رسول صاحب مرحوم
قلعہ والہ کے برادر زادہ اور فرزند نے اپنے نام سے مشتہر کیا ہے اسمین از
طرف مولوی نذیر حسین صاحب دہلوی بابت کفر ہونے درود الصلوۃ
والسلام علیک یارسول اللہ کے عبارت لکھی ہے۔ شرک بہت طرح
کا ہوتا ہے ان میں سے ایک یہ کہ کسی مخلوق کو خواہ نبی ہون خواہ ولی
پکارنا یہہ سمجھکر کہ وہ دور و نزدیک سے برابر سنتے ہیں حق تعالی فرماتا ہے
ومن اضل ممن یدعوا من دون اللہ من لا یستجیب
لہ الی یوم القیامۃ وھم عن دعائہم غفلون۔ اس آیت سے
معلوم ہوا کہ جو لوگ انبیا و اولیاء صالحین کو دور دور سے پکارتے ہیں اور انکا
کہتے ہیں کہ یا فلان اور سمجھتے ہیں کہ ہمنے شرک نہیں کیا کیونکہ کوئی حاجت
نہیں مانگی یہ غلط ہے اگرچہ مانگنے کی حیثیت سے ثابت ہو گیا کیونکہ انکو ایسا
سمجھا کہ دور نزدیک سے برابر سن لیتے ہیں جبھی تو اسطرح سے پکارا
حالانکہ اللہ تعالی نے فرمایا ہے کہ جن لوگون کو اللہ کے سوا پکارتے ہین
وہ انکی پکار سے بالکل غافل ہین۔ انتہی فقیر کان اللہ لہ کہتا ہے کہ آیت
ومن اضل ممن یدعوا الآیۃ سے پکارنا مراد رکھنا بالکل غلط ہے تفسیر
جلالین و معالم التنزیل و مدارک و نیشاپوری و خازن وغیرہا سب میں
یدعوا کے معنی یعبد کے لکھے ہیں جسکا مطلب یہ ہے کہ کسی مخلوق کی
عبادت کرنے والا بہت گمراہ ہے اور خود قرآن مجید اس غلطی پر شاہد
ہے کہ اس آیت کے ساتھ ہی فرمایا ہے واذا حشر الناس کانوا
لھم اعداء وکانوا بعبادتھم کفرین یعنی قیامت کو بت یعنی پتھر
کو پوجنے والون کے دشمن ہو جاوینگے اور انکی عبادت کا انکار کرینگے کذا فی التفسیر المجید

نے پکارا عورت اپنی کو ولما احتضر بلال رضی اللہ عنہ نادت امرأتہ

صـ ۱۴ اور شروع پارہ ۱۱ مین فرمایا اللہ تعالی نے ومن الاعراب من یؤمن باللہ والیوم الاخر ویتخذ ما ینفق قربات عند اللہ وصلوات الرسول الا انہا قربۃ لهم - الآیۃ پس صلوات سے معنی یہان دعا ہین بلکہ خود گنگوہی صاحب نے یہی معنی لکھے ہین پس کیا اگر دعا کے معنے پکارنا ہی لئے جائین تو اس کے یہ معنی ہونگے کہ اعرابیون سے بعض وہ ہے کہ خرچ کرتا ہے خدا تعالی کی قربت اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا چاہنے کو پس اگر دعا کے معنے پکارنے کے ہون تو یہ مطلب ہوا کہ اس خرچ کرنے سے چاہتا ہے خدا تعالی کی قربت اور پکارنا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو چاہتا ہے پس اُن کے نزدیک بھی آپ کو پکارنا درست نکلا اور خود اللہ تعالی فرماتا ہے لا تجعلوا دعاء الرسول کدعاء بعضکم بعضا اور شفا قاضی رحمۃ اللہ علیہ کی جلد ۲ مطبع مصر کے صـ ۳۹ مع شرح ملا علی قاری مین لکھا ہے ولا تنادوہ باسمہ نداء بعضکم بعضا ولکن عظموہ ووقروہ ونادوہ باشرف ما یجب ان ینادی بہ - ای من وصف رسالتہ ونعت نبوتہ بان تقولوا یا رسول اللہ یا نبی اللہ ای امثالہا یا حبیب اللہ یا خلیل اللہ وہذا فی حیاتہ وکذا بعد مماتہ فی جمیع مخاطباتہ - یعنی آپ کو کسی صفت اور ادب کے ساتھ پکارو نہ فقط رکھا نام لیکر جیسا یا رسول اللہ یا حبیب اللہ وغیرہ کہو اور بعد وفات کے بھی پکارنا مثل حیاتی کے ہے جیسا کہ اسی جلد ۲ کے صـ ۳۰ مطبع مصر مین لکھا ہے اور صفحہ اسمین لکھا ہے کہ جب کوئی گھر مین آوے اور گھر مین کوئی نہ ہو تو کر تو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام کہے اس لئے کہ آپ اہل اسلام کے

گھروں میں ہوتے ہیں ان روحہ فی بیوت اھل اسلام پس اگر
دور سے کسی بزرگ کو پکارنا شرک ہوتا تو لا مذہبوں کے بڑے پیشوا
نواب صدیق حسن خان ان کے نزدیک بڑے بھارے مشرک
ہوتے کیونکہ نواب صاحب نے اپنی تفسیر فتح البیان میں (جلد ۳ صفحہ ۳۵)
لکھا ہے قال النسفی و تفسیر العرش بالسریر والاستواء
بالاستقرار کما تقولہ المشبہۃ باطل انتہی اقول یا مسکین
اما شعرت ان العرش فی اللغۃ ھو السریر - الخ یا
مسکین اما شعرت ندا اور خطاب سے پکارنا مدارک والے کو
موجود تھے نہایت افسوس ہے کہ ان کو مشرک نہ کہا جائے اور جو شخص
یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یا یا شیخ پڑھے تو اس
کو شرک کہنا کیسا انصاف سے بعید ہے۔

قال النجدی

الفصل الثالث فی رد الاشراک فی التصرف

قال اللہ تعالی قل من بیدہ ملکوت کل شیء وھو یجیر
ولا یجار علیہ ان کنتم تعلمون سیقولون للہ قل فانی تسحرون
ھذہ الآیۃ دلت علی ان المتصرف فی الکل المجیر غیر المجار
علیہ لیس الا اللہ فمن لم یقل فی حاجتہ یا اللہ وقال یا
محمد وان اعتقد عبدا غیر متصرف فی الکل صار
مشرکا فان مشرکی زمن النبی صلعم - ایضا لا
یعتقدون الھتہم کذلک بل انما یسئلون الالھۃ علی

٧٩

اعتقاد الشفاعة فمن اعتقد التصرف في العالم کالمخلوق
او اعتقده شفیعه صار مشرکا وان اعتقده ادون
من الله و مخلوقا له - وقد نص الله على هذا بقوله و
يعبدون من دون الله ما لا يملك لهم رزقا من السموات
والارض شيئا ولا يستطيعون وقال الله تعالى قل لا
املك لنفسي ضرا و لا رشدا قل اني لن يجيرني من
الله احد ولن اجد من دونه ملتحدا انظر والى امر
امر الله محمدا باظهار عدم ملكه لامته ضرا ولا رشدا
فمن قال يا محمد فقد خالف الله ورسوله وكمن فانه
جعله انه يملك لضر او لا رشدا قال الله تعالى قل
ادعوا الذين زعمتم من دون الله لا يملكون مثقال
ذرة في السموات ولا في الارض - الا من اذن له
قد قطع الله عرق الشرك بسبعها فان من يسأل عنه
الحاجات دنیاوی فی الشد الکل اما ان یکون مالکا
واما ان يكون شفيعا عنده واما ان يكون شريكا له واما
ان يكون ظهيرا له ومعاونا له وكل منها منفي فتم الزام الله
تعالى على المشركين الذين يسئلون المخلوقين وينادون
مع زعمهم انهم ادون من الله اما السابقون فاللات والعزى
والسواع واما اللاحقون محمد وعلى وعبد القادر و
الكل سواء فان الله لا يقبل العذر في الشرك ولو كان
مع نبي ومع غاية ضلال المشركين اللاحقين اعتقادهم
بالشفاعة وكان ذلك امرض المشركين السابقين كما
قال الله تعالى ويقولون هؤلاء شفعاءنا عند الله و لا

يفقهون ان الله سميع عليم لهذا الاعتقاد وصاروا مشركا
وكفرا ومن كمال جهلهم وغيهم تمسكهم بقوله تعالى الا
لمن اذن له فان الثابت بنص القران نفي نفع الشفاعة
وكلمة الا يؤكده ويقرره فان الشفاعة لما كانت مقيد
بالاذن كانت كلا شفاعة والانبياء اذا يأمرهم الله بشيء
يخافون ولا يستطيعون النفس في حكمه والسؤال
عنه ثانيا فكيف يسئلونه والحق ان الشفاعة شفيع
عند الله غير ممكنة فانها لا يكون الا بان يكون الشفيع
وجيها فيخاف مشفوع اليه من عدم قبول شفاعته
في آت مطالب مهمته يرجوها من الشفيع لكونه ظهيرا
ومعاونا واما ان يكون الشفيع محبوبا فيتألم من عدم
رضاءه وهذا ان يستحيلان في شانه تعالى عما يصفون ٨٠
واما الشفاعة بالاذن التي كلا شفاعة وهو المذكور
في القران والحديث فمالها انها لا تكون لاهل الكبائر
الذين ماتوا بلا توبة ولا المصرين على الصغائر فان الاصرار
على الصغيرة كبيرة - وكيفية الشفاعة ان الحاكم العدل
لما يرى توبة وندامة وانابة اليه لا الى غيره يرحم عليه و
لكن حكمه وفعله كله عدل لا يشوبه جور وظلم فلا يستطيع
العفو بلا سبب وان عفى عنه وغفر له بلا سبب احتمل
قاعدة العدل وانتقض شان حكمه في اعين الناظرين
ويحاجونه فيأذن لمن يشاء ان يشفع له فيشفع فيعفو
في الحقيقة برحمته وفي الظاهر باسم شفاعة الشفيع حفظا
لقاعدة ايها المحابين لم لا تقولون يا الله وهو معلم فاي

اگر تم خدا تعالیٰ کو بندوں کے ساتھ سمجھتے ہو تو عرش اسکا مکان اقرار کیا نہ مانتے

آیا ہے مگر آئین بادشاہ کا خیال کرکے بے سبب درگذر نہین کرتا کہ کہین
لوگون کے دلون مین اوس آئین کی قدر گھٹ نہ جاوے سو کوئی امیر و وزیر
اوسکی مرضی پاکر اوس تقصیر وار کی سفارش کرتا ہے اور بادشاہ اوس
امیر کی عزت بڑھانے کو ظاہر مین اوسکی سفارش کا نام کرکے اوس چور کی
تقصیر معاف کر دیتا ہے سو اوس امیر نے اوس چور کی سفارش اس لئے
نہین کی کہ اوسکا قرابتی ہے یا آشنا یا اوسکی حمایت اوس نے اٹھائی بلکہ
محض بادشاہ کی مرضی سمجھ کر۔ کیونکہ وہ تو بادشاہ کا امیر ہے نہ چورون
کا تھانگو جو چور کا حمائتی بنکر اسکی سفارش کرتا ہے تو آپ بھی چور ہو جاتا ہے
اسکو شفاعت بالاذن کہتے ہین (الی قولہ) اس قسم کی سفارش ہو
سکتی ہے (الی قولہ) غرض کہ جیسے ہر حاجت اپنی اسی کو سونپا چاہئے
اسی طرح یہ حاجت بھی اوسی کے اختیار پر چھوڑ دیجئے جسکو وہ چاہے ہمارا
شفیع کر دے نہ یہ کسی کی حمایت پر بھروسا کیجئے اور اسکو اپنی حمایت کے
واسطے پکارئے (الی قولہ) ترجمہ حدیث مشکوۃ کے باب
التوکل والصبر مین لکھا ہے کہ ابن ماجہ نے ذکر کیا کہ عمرو ابن العاص نے
نقل کیا ہے کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ بیشک آدمی
کے دل کے ہر میدان کی طرف راہ ہے سو جو کوئی پیچھے ڈالے اپنے
دل کو سب راہون کی تو کچھ پروا نہین رکھتا اللہ کہ کسی جنگل مین تباہ
کر دے اوسکو۔ اور جو کوئی بھروسا کرے اللہ پر تو وہ کفایت کرتا ہے اوسکو
سب راہون کی (الی قولہ) ترجمہ حدیث دوم مشکوۃ کی باب الخلافت
والامارت مین لکھا ہے کہ بخاری و مسلم نے ذکر کیا کہ نقل کیا ابوہریرہ نے
اپنے ناطے والون کو پھر اکٹھا کرکے پکارا پیغمبر خدا نے اپنے ناطے
والون کو اور جدا جدا بھی سب کو فرمایا اے اولاد کعب بن لوئی کو بچاؤ تم اپنی جانون
کو آگ سے کیونکہ بیشک مین نہین اختیار رکھتا تمہارا اللہ کے ہان کچھ

ذرہ بہر آسمانوں میں اور نہ زمین میں اور نہیں اُن کا اُن دونوں میں کچھ ساجھا اور نہیں اللہ کا اُن میں سے کوئی بارو اور نہیں آتی سفارش اُسکی روبرو مگر جس کو پروانگی دے ف یعنی جو کوئی کسی سے مراد مانگتا ہے یا مشکل کے وقت پکارتا ہے اور وہ اسکی حاجت روا کردیتا ہے سو یہ بات اسیطرح ہوتی ہے کہ یا تو وہ خود مالک ہو یا مالک کا ساجھی یا مالک پر اوسکا دباؤ ہو (الی قولہ) سو جنکو اللہ کے سوا یہ لوگ پکارتے ہیں اور انسے مرادیں مانگتے ہیں سو نہ تو وہ مالک ہیں آسمان اور زمین میں ایک ذرہ بھر چیز کے (الی قولہ) اسی کو شفاعت وجاہت کہتے ہیں یعنی اوس امیر کی وجاہت کے سبب سے اوسکی سفارش قبول کی سو اس قسم کی سفارش اللہ کی جناب میں ہرگز نہیں ہوسکتی اور جو کوئی کسی نبی یا ولی کو یا امام و شہید کو یا کسی فرشتہ کو یا کسی پیر کو اللہ کی جناب میں اس قسم کا شفیع سمجھے سو وہ اصل مشرک ہے اور بڑا جاہل کہ اوسنے خدا کے معنے کچھ بھی نہ سمجھے اور اوس مالک الملک کی کچھ قدر بھی نہ پہچانی اُس شہنشاہ کی تو یہ شان ہے کہ ایک آن میں ایک حکم کن سے چاہے تو کروڑوں نبی اور ولی اور جن اور فرشتے جبرئیل اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے برابر پیدا کرڈالے (الی قولہ) اسکو شفاعت محبت کہتے ہیں یعنی بادشاہ نے محبت کے سبب شفاعت قبول کرلی (الی قولہ) اس قسم کی شفاعت بھی اوس دربار میں کسی طرح ممکن نہیں (الی قولہ) تیسری یہ صورت ہے کہ چور پر چوری ثابت ہوگئی وہ ہمیشہ کا چور نہیں اور چوری کو اُسنے کچھ اپنا پیشہ نہیں ٹھیرایا مگر نفس کی شامت سے قصور ہوگیا سو اوسپر شرمندہ ہے اور رات دن ڈرتا ہے اور بادشاہ کی آئین کو سر اور آنکھوں پر رکھ کر اپنے تئیں تقصیروار سمجھتا ہے اور لائق سزا اسکے جانتا ہے اور بادشاہ سے بھاگ کر کسی امیر و وزیر کی پناہ نہیں ڈھونڈھتا (الی قولہ) سو اوسکا یہ حال دیکھکر بادشاہ کے دل میں اوسپر ترس

٨٢

کہین پناہ نہ لے سکے اور اسکے مقابلے مین کسی کی حمایت نہ چل سکی سو پھر کوئی بھی جوا
ویگا کہ ایسی شان اللہ کی ہے سو سمجھا چاہئے کہ پھر اور کسی سے مرادین مانگنی محض
خبط ہے۔ اس آیت سے معلوم ہوا کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت کافر
بھی اس بات کے قائل تھے کہ کوئی اللہ کے برابر نہین اور اسکا مقابلہ نہین
کر سکتا مگر اپنی بتون کو اوسکی جناب مین اپنا وکیل سمجھکر مانتے تھے اسی سے
کافر ہو گئے سو اب بھی جو کوئی کسی مخلوق کو عالم مین تصرف ثابت کرے
اور اپنا وکیل ہی سمجھکر اوسکو مانے سو اوسپر شرک ثابت ہو جاتا ہے گو کہ اللہ
کے برابر نہ سمجھے اور اوس کے مقابلے کی طاقت اسکو ثابت نہ کرے۔ ترجمہ
فرمایا اللہ صاحب نے یعنی سورۂ جن مین کہ کہہ بیشک مین نہین اختیار رکھتا واسطے
تمہارے کچھہ نقصان کا نہ فائدے کا۔ کہہ کہ بیشک مجھکو ہرگز بچاویگا اللہ سے
کوئی اور ہرگز نہ پاؤنگا ورے اسکے کہین بچاؤ۔ فرمایا اللہ صاحب نے یعنی
سورۂ نحل مین۔ اور پوجتے ہین ورے اللہ کے ایسون کو کہ نہین اختیار
رکھتے انکی روزی کا آسمانون سے اور زمین سے کچھہ اور نہین طاقت
رکھتے یعنی اللہ صاحب نے اپنے پیغمبر کو حکم کیا کہ لوگون کو سنا دیوین کہ
تمہارے نفع نقصان کا کچھہ مالک نہین اور تم جو مجھپر ایمان لائے اور میری
امت مین داخل ہوئے سو اوسپر مغرور ہو کر حد سے نہ بڑھنا کہ ہمارا پایہ
بڑا مضبوط ہے اور ہمارا وکیل زبردست ہے اور ہمارا شفیع بڑا محبوب ہے
سو جو ہم چاہین سو کرین وہ ہم کو اللہ کے عذاب سے بچا لیگا کیونکہ یہ بات
محض غلط ہے اسواسطے کہ مین آپ ہی کو ڈرتا ہون (الی قولہ) ترجمہ
دوسرے کو کیا بچا سکون۔ ف یعنی اللہ کی سی تعظیم کرتے ہین ایسے لوگون
کی کہ ان کا کچھہ اختیار نہین (الی قولہ) اور انکو کسی نوع کی قدرت نہین
(الی قولہ) ترجمہ اور کہا اللہ صاحب نے یعنی سورۂ سبا مین کہ کہہ پکارو
ان لوگون کو کہ خیال کرتے ہو ورے اللہ سے وہ نہین اختیار رکھتے ایک

حاجته الی المجیئ الی محمد والرجوع الیه عن ابن عمر ابن العاص
قال قال رسول اللہ صلعم ان القلب ابن ادم لکل واد
شعبة فمن اتبع قلبه الشعب کلها لم یبال اللہ بای واد هلکه
ومن توکل علی اللہ کفاه الشعب رواه ابن ماجة فمحمد
وعلی وعبد القادر وکل من یتوجه الیه قلوب المشرکین
شعب الهلاك والشرك وعن ابی هریرة لما انزلت وانذر
عشیرتك الاقربین دعا النبی صلعم قرابته فعم وخص فقال یا
بنی کعب انقذوا انفسکم من النار فانی لا املك لکم
من اللہ شیئا وقال فانی لا اغنی عنکم من اللہ شیئا
الی ان قال یا فاطمة انقذی نفسك من النار سلینی من
مالی ما شئت فانی لا اغنی عنك من اللہ شیئا انظروا
قنط النبی قرابته حتی یئسه من ینفعهم عند اللہ من
اللہ فما لهؤلاء المجانین یرجون شفاعة لهم عند اللہ - الخ

قال الهندی

ترجمہ فصل تیسری - اشراک فی التصرف کی برائی کے بیان مین -
الی قوله - فرمایا اللہ تعالی نے یعنی سورۂ مومنون مین کہ کون ہے
وہ شخص جسکے ہاتھ مین ہے قابو ہر چیز کا اور وہ حمایت کرتا ہے اور اس کے مقابل
کوئی نہین حمایت کرتا جو جانتے ہو وہین کہہ دینگے کہ اللہ ہی ہے - کہہ پھر کہان
سے خبط مین پڑ جاتے ہو ف یعنی جس سے پوچھئے کہ ایسی شان کس
کی ہے کہ ہر چیز اوس کے قابو مین ہے جو چاہے کر ڈالے اس کا ہاتھ
کوئی پکڑ نہ سکے اور اسکی حمایت مین کوئی فتنہ نہ ڈال سکے اور اس کا تقصیر وار

بھی (الی قولہ) اور اے فاطمہ بچا تو اپنی جان کو آگ سے مانگ لے مجھ سے جتنا چاہے میرا مال نہ کام آؤن گا مین تیرے اللہ کے ہان کچھ (الی قولہ) وہان مین کسی کی حمایت نہین کرسکتا اور کسی کا وکیل نہین بن سکتا سو وہان کا معاملہ ہر کوئی اپنا اپنا درست کرلے۔ الخ

قال الفنجانی در زینت الاسلام اول محصہ ص ۲۸

غیر اللہ نون کن پکارن منگن اہا مراد لن ہن کلمہ گویان وچھن مشرک منگدی پیر فقیران مدد جاہن پیر پکارن اندر شرع نہ آیا کہہ کس دی تھے ساہی ہر شیء دیندا اوہ سائین سبحت جائین ایہ وچہ قران منع پکارو اگی وچہ تریجی پاسیپارے نالون اللہ ایہ فرمایا نفع زیان نتسا ڈیدا مین ہانگ ہر گز ناہین خود مینون قہر الہی کون کرے پناہ نہ کوئی جیہان پکارو اللہ باہجون عاجز سبہ بچارے تے جیکر لکھی کھیسن لیجاوے جیہڑا انہان کتھین کائی کرالفا کہو سچہ یارو مسئلہ فقہ اصولون تی ایہ بھی سمجھ عقائد مسئلہ مشتی الکھن سارے ہن اوہ معنی ظاہر جیہڑے لگے خوب نکا سنے شاہ رفیع الدین محدث عبد القادر نالے بھی وچہ تفسیر عزیزی اوین لکھی جا بجا ئیر بھی حضرت شیخ ثناء اللہ جو پانی پت وچہ قاضی بھی وچہ تفسیر حسینی معنی دعا ہین جیہین آئے

مشرک عربتان بھئین منگدی حاجت اولادان پیسیان کون ہان لگ قبرین پوجین بوتین ین فلاتدعوا مع اللہ احدا ویکھو رب فرمایا تے او بھئین کونی سجادہ سی کھجر علم لسانان جیکر مینون شک ہووی سمجھ لکھہ وکھاوان کیہا جو با سجدہ خدا انھین جیہان پکارو بندی آکھ وچہ سختی دکھہ نہ ہین بھئین ہر گز جا ہوچپ پیر ہر گز کتے نہ مینون لیجی جیتھی پاوان ڈھونی تے لکھی بلکہ نہی انھان بھئین جمع جی ہو وسارے اوہ جیہڑ جھوڑاون بھی لون حالی انھان کائی ہی اعتبار عموم لفظ ہیں ہو وشفہا مس لمولون النصوص تحمل علی ظاہرہا سن پیارے حاجت ہن تاویل کائی اہل علم اہن پہجانے وچہ ترجمہ پکارن معنی دعا ہان لکھہ وکھائے بھی والد بزرگوار انھاندی شاہ ولی اللہ تابڑ معنی اونھان پکارن لکھی رب کھی اونھان تھی پوجن ہور پکارن معنی ویکھو عام بتائے

اِہیں ہووڑ نہ وس اِنھاں دی الوہیت کجھ نہ کردے
الیس اللہ بکاف عبدہ لاریب سچا فرماوے
بعضے مشرک شبہ لیاون آکھن مددیاری
نبی ولی تھیں حاجت منگن سو اجیہی ہوندی بھائی
کسے پیغمبر سوال نہ آکھیا ساتھوں منگو یاری
بھی کہن دلیل جو لوڑی باہجوں وسیل نہ چڑھیا جاوے
اگّی بادشاہاں دی مثل تساں جانو اللہ قادر سائیں
عرض سناون کار اِن اوتھی لوڑ وسیلے ناہیں
اُنہاں جواب جنہیں من دون اللہ لفظ ایہی سبہ جا ہیں
اوہ بت ہووے یا دیو پری یا پیر پیغمبر سارے
بہتیاں آکھیاں حق نبی دے ہر ہر وقت الٰہی
بعضے جاہل دیون آکھن پیر پیغمبر سارے
پیر حکم اللہ دیون دین مراداں حاجت خلق دیاں
نہ وچ حدیث صحیح نہ آیت سب نبی فرمایا
وچہ بخاری مسلم خود حضرت فرمایا
جیویں نصاریاں حد لنگھائی صفت عیسیٰ مریم دی

تا انہاں خبر پکاراں ہرگز تابع سب امر دی
یعنی اللہ کافی بندیاں مشرک بھلا جاوے
جو اللہ باہجھ نہ جائز تاکیوں کرو علاج بیماری
اصحاب الایمان کیوں نہ منگی تو کاں فرمائی
اگّی نذر نیاز اِن حکم نہ کیتا خلق شیطان وگاڑی
قر باہجھ وسیلے بادشاہاں نوں ملنا ہتھ نہ آوے
اوہ ہر بندے جنگی مندے سندا عرض دعائیں
پاون نوں کرے وسیلہ رب تھیں منگ دعائیں
باہجھ خدا دی جو کجھ ہووے شامل ہر ہر تا ہیں
جیونکر پوجا کسے نہ جائز منع پکاراں سارے
جو ساریاں حق بتاندی آکھی ڈبے وچ گمراہی
سر خود آپ جنہیں ایہہ مالک تابع حکم بیچارے
منن بندہ او بخاندی جائز منگن سو امداداں
جو نبی ولی مختار اللہ دی کردی جو بھایا
جو حد زیادہ صفت نہ میری کر سو آکھ سنایا
میں بندہ خاص رسول اللہ دا ہیں پر نظر کریدی

[illegible]

تی جیہڑا پیر یا شیخ زمانہ بدعت شرک بتاوے
تی بدعت والی صوفی بعضے بیہ بنیا مذہب بھائی
یا شیخ جیلانی شیئاً للہ دل اکھن وچ ربنا یا
وچ فتوح الغیب اکھان خود کیتیاں بہت تاکیداں
ہمی وچ فتوح الغیب کیہا خود میران شاہ جیلانی
جو ایس وظیفہ حکم حقیقی تتھیوں اکھ سنائیں
تاکفر شرک وچہ شک نہ ذرہ فقہ حدیث قرآنوں
فراد ہو ملحد ہو رسالہ وچہ مثال لیایا
اکھیوس شیعہ نال مشابہ رکھدے لوک وہابی

یا غیر شریعت ورد وظیفے عملیت دماوے
اصحاب کر وسواس ہزاراں بکرون لوچ کی بت کھیا
منہ قبلہ بھتیں ہو مریداں ول بغداد بھوایا
اللہ بابجہ نہ سنگو ہرگز اکھیا کل مریداں
جو بندیاں کنوں سوال کرے سو کردا بہت نادانی
جے حاضر ناظر خود متصرف جانی حضرت تائیں
جو حاضر ناظر خود متصرف ہکو مالک جانو
اہل سنت دا نام وہابی اس مردود رکھایا
جوین تقریظ فراطون شیعہ ڈٹی وچہ خرابی

۸۷ جن آپکا وسیلہ کر کوئی چیز طلب کرتی اور عقیدہ رکھن کہ دینے والا خدا ہے آپکا فقط وسیلہ جانا ... معنی حقیقی سمجھنا پس یہ جائز ہے ... اور حضرت شاہ غلام علی دہلوی رضی اللہ عنہ کے خاندان میں یہ وظیفہ جاری ہے اور یہ خاندان نہایت مقبول ...

الفصل الرابع فی الاشراک فی العبادات

قال النجدی - قال اللہ تعالےٰ ولقد ارسلنا نوحا الی قومہ انی لکم نذیر مبین ان لا تعبدوا الا اللہ انی اخاف علیکم عذاب یوم الیم وقال اللہ تعالی لا تسجدوا للشمس ولا للقمر واسجدوا للہ الذی خلقہن ان کنتم ایاہ تعبدون فالسجدۃ ووضع الجبہۃ علی الارض لغیر اللہ شرک وکفر مطلقا

[illegible]

ولا تعتبر لسجدة الملئكة لادم وليعقوب ليوسف كما يقوله
الجهال فانه صار منسوخا كالنكاح مع الاخت قال الله
تعالى وان المساجد لله فلا تدعوا مع الله احدا وانه لما
قام عبد الله يدعوه كادوا يكونون عليه لبدا قل انما ادعو
ربي ولا اشرك به احدا فثبت بهذه الاية ان القيام ادبا شرك
وكذا نداء احد وكذا اوردا اسم لغير الله تعالى احدا فان الله
تعالى خصص هذه التعظيم لنفسه قال الله تعالى واذن
في الناس بالحج ياتوك رجالا وعلى كل ضامر ياتين من كل فج
عميق ليشهدوا منافع لهم ويذكروا اسم الله في ايام معلومات
على ما رزقهم من بهيمة الانعام فكلوا منها واطعموا البائس الفقير
ثم ليقضوا وليوفوا نذورهم وليطوفوا بالبيت العتيق
فثبت بهذه الاية ان السفر الى محمد ومشاهده ومسجد
اثاره وقبره اي نبي او ولي وسائر الاوثان وكذا الطواف و
تعظيم حرمه وترك الصيد والتحرز عن قطع الشجر وغيرها
شرك اكبر فان الله تعالى خصص هذه الامور لذاته
وانزل هذه الاية لبيانه او فسقا اهل به لغير الله المراد
في حقه انه النبي او ولي ليصير حراما ونجسا مثل الخنزير
لا ما ذكر اسم الله عند ذبحه فان هذا المعنى تحريف للقران
مخالف لجمهور المفسرين عن معاوية قال قال رسول الله
صلى الله عليه وسلم من سره ان يتمثل له الرجل قياما فليتبوا
مقعده من النار ثبت بهذا الحديث ان القيام متمثلا بين
يدي احد شرك وعن ابي الطفيل ان عليا اخرج الصحيفة
فيها لعن الله من ذبح لغير الله معناه ان تعين الحيوان على

اسم احد غیر اللہ شرک اکبر ویدخل فیہ ماینجون عند
قدوم القادم ولو یذکروا اسم اللہ۔ قال الھندی۔

ترجمہ۔ فصل چوتھی اشراک فی العبادت کی برائی کے بیان مین
الی قولہ۔ ترجمہ آیت اول کا۔ فرمایا اللہ تعالی نے سورۂ ہود مین کہ بیشک بھیجا
ہمنے نوح کو اسکی قوم کی طرف یہ بات کہنی کو کہ بیشک مین تمکو ڈرانیوالا ہون صاف
یہ کہ عبادت نہ کرو مگر اللہ کی۔ بیشک مین ڈرتا ہون تمپر دکھ کے دن کی مارسے
ترجمہ آیت دوسری کا فرمایا اللہ صاحب نے سورۂ فصلت مین کہ مت سجدہ کرو سورج
کو اور نہ چاند کو اور سجدہ کرو اللہ کو جسنے پیدا کیا انکو جو تم اسی کے بندے بنا چاہتے
ہو ف جو کوئی یہ بات کہے کہ اگلے دینون مین کسی کسی مخلوق کو بھی سجدہ کرتے
تھے جیسے فرشتون نے آدم کو کیا اور حضرت یعقوب نے حضرت یوسف کو تو ہم
بھی اگر کسی بزرگ کو کرلین تو کچھ مضائقہ نہین سو یہ بات غلط ہے آدم کے وقت
کے لوگ اپنی بہنیون سے نکاح کرلیتے تھے چاہئے یہ لوگ ایسی حجتین لانیوالے
اپنی بہنیون سے نکاح کرلین۔ ترجمہ اور فرمایا اللہ تعالی نے سورہ جن مین اور
بیشک سجدے اللہ ہی کو ہین سو نہ پکارو ساتھ اللہ کے کسی کو اور یہ کہ جب کھڑا
ہوتا ہے بندہ اللہ کا کہ پکارے اوسکو تو لوگ قریب ہین کہ ہوجاوین اوس پر
ٹھٹھ۔ کہہ کہ مین تو پکارتا ہون اپنے رب ہی کو اور نہین شریک سمجھتا اوسکا کسی کو
ف اس آیت سے معلوم ہوا کہ ادب سے کھڑا ہونا اور اوسکو پکارنا اور اُس کا نام جپنا
انھین کامون مین سے ہین کہ اللہ صاحب نے اپنی تعظیم کے لئے ٹھیرائے ہین
اور کسی سے یہ معاملہ کرنا شرک ہے۔ فرمایا اللہ تعالی نے سورۂ حج مین
کہ خبر کردے لوگون مین حج کی چلے آوینگے تیرے پاس پیادے اور دبلی دبلی اونٹون
پر کہ چلے آتے ہین اور دور دور کے رستہ سے کہ آپہونچین اپنے فائدے کی
جگہون مین اور یاد کرین اللہ کا نام کئی معین دنون مین اس چیز پر کہ دیا ہے
اُسنے انکو مویشی چوپائون سے سو کھاؤ اسمین سے اور کھلاؤ بدحال محتاج کو

۸۹

ہمارے ۱۲ یہ جو پھیلا شرک بالفعل ... عربی میں موجود ہے اصل عبارت کے سوا ذکر کیے جانا صحابہ اللہ ... زیادت انکی ...

پھر چاہئے کہ تمام کرین میل کچیل اپنا اور پوری کرین منتیں اپنی اور طواف کرین اس قدیم
گھر کا **ف** اس قسم کے کام کسی اور کی تعظیم کے لئے نہ کیا چاہئے اور کسی کی قبر پر
یا چلہ پر یا کسی کے تھان پر دور دور سے قصد کرنا اور سفر کے رنج و تکلیف اٹھا کر
میلے کچیلے ہو کر وہاں پہنچنا اور کسی قبر یا مکان کا طواف کرنا اور اسکے گرد و پیش کے
جنگل کا ادب کرنا یعنی وہاں شکار نہ کرنا درخت نہ کاٹنا گھاس نہ اکھاڑنا اور
اسی قسم کے کام کرنے اور ان سے کچھ دین و دنیا کے فائدہ کی توقع رکھنی یہ سب شرک کی
باتیں ہیں۔ فرمایا اللہ صاحب نے سورۂ انعام میں یا گناہ کی چیز کہ مشہور کی
گئی ہو اللہ کے سوا اور کی کرے **ف** یعنی جیسا لہو اور سؤر اور مردار حرام ہے
ایسا ہی وہ جانور بھی ناپاک اور حرام ہے کہ خود گناہ کی صورت بن رہا ہے کہ اللہ کے
سوا اور کسی کا ٹھہرایا اس آیت سے معلوم ہوا کہ جانور کسی مخلوق کی نام کا نہ ٹھہرائے
اور وہ جانور حرام ہے اور ناپاک اس آیت میں کچھ اس بات کا مذکور نہیں کہ اوس
جانور کی ذبح کرتے وقت کسی مخلوق کا نام لیجئے جب حرام ہو بلکہ اتنی ہی بات کا
ذکر ہے کہ کسی مخلوق کے نام پر جہاں کوئی جانور مشہور کیا سو وہ حرام ہو جاتا ہے
ولی کا یا نبی کا ماں باپ کا یا دادے کا بھوت کا یا پری کا وہ سب حرام ہے اور
ناپاک اور کرنے والے پر شرک ثابت ہو جاتا ہے۔ مشکوٰۃ کی باب القیام میں لکھا ہے کہ ترمذی
نے ذکر کیا کہ نقل کیا معاویہ نے کہ فرمایا پیغمبر خدا نے کہ جسکو خوش آوے کہ
تصویر کی طرح کھڑے رہیں لوگ اسکے روبرو سو ٹھہرا لیوے وہ اپنا ٹھکانا آگ
میں۔ یعنی جو شخص چاہے اوسکے روبرو لوگ ہاتھ باندھ کر ادب سے کھڑے رہیں سو وہ
شخص دوزخی ہے کیونکہ وہ شخص خدائی کا دعویٰ رکھتا ہے اس حدیث سے معلوم
